کشمیری پنڈت سبھا تمام تکلیف زدہ لوگوں اور تمام ہندو جنتا سے کہ جن کے جذبات انگیخت کئے گئے ہیں کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور پرارتھنا کرتی ہے کہ بھگوان تمام متعلقین کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

مزید برآں 5 اور 6 اکتوبر کے ضلع کپورتھلہ اور امرتسر کے قریب ایک ہی فرقہ کی 8 انسانی جانوں کے تلف ہونے اور 15 اکتوبر کو چنڈی گڑھ کے لام لیلا کلب میں بم پھینکنے کی احمقانہ حرکت پر بھی کشمیری پنڈت سبھا جموں دوبارہ اپنے گہرے صدمے کا اظہار کرتی ہے اور پرارتھنا کرتی ہے کہ بھگوان تمام سورگباشیوں کو سدگتی پردھان کرے نیز دکھی پریواروں کو سہن شکتی عطا کرے

نائب
پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کنٹ نواس امپھلا
جموں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) گرشپ نواس
جموں

13-11-83

کشمیری پنڈت سبھا جموں کے ایک غیر معمولی اجلاس میں شری سناتن دھرم سبھا باہو لا 7/83 کی پاس کی گئی ہوئی قرارداد کو زیر بحث لا کر فیصلہ کیا گیا کہ اس سلسلہ میں ریاست کے [illegible] و ارفع حکمرانوں سے رجوع کیا جائے چنانچہ ایک قرارداد پاس کی گئی :-

قرارداد

کشمیری پنڈت سبھا جموں کا یہ اجلاس لگامہ اوڑی (کشمیر) سے 28 اکتوبر ۱۹۸۳ء کی شب کو شری پرکاش ناتھ بالی کی دختر کماری للتا مکیش کو اغوا کرنے کے حیوانی کارنامہ کی زبردست مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مانگ کرتا ہے کہ وہ اپنی اولین فرصت میں مغویہ لڑکی کو برآمد کروا کر اُس کو اُسکے والدین کے حوالہ کرنے کو یقینی بنائے۔ یہ اجلاس یہ بھی مانگ کرتا ہے کہ اس حیوانی کارنامہ میں ملوث لوگوں کو قرار واقعی سزا دلوانے میں ہرگز ہرگز لیس و پیش نہ [illegible] ہو کیونکہ اُن علاقہ میں [illegible] تمام ہندو دیگر [illegible]

پٹی میں قتل و غارت

قابلِ مذمت

کشمیری پنڈت سبھا جموں پٹی (پنجاب) میں بس میں سوار ایک ہی فرقہ کے ۶ لوگوں کو انتہا پسندوں کے ہاتھوں گولیوں سے بھون ڈالنے اور بستی شیخ کے شو مندر میں شولنگ کو توڑنے کی مکروہ حرکت پر اپنے زبردست رنج و غم کا اظہار کرتی ہے اور بھارت سرکار سے اپیل کرتی ہے کہ وہ ملک خاصکر پنجاب کے تمام انتہا پسندوں کے وجود کو ختم کرنے کے لئے جنگی طرز اپنا کر اُن کی تمام تر پناہ گاہوں کو اپنی تحویل میں لیکر امن پسند لوگوں کو سُکھ کا سانس لینے دے +

جہاں پر گناہوں کے قتل کی واردات قابلِ مذمت ہے وہاں انتہا پسندوں کا وجود بھی قابلِ نفرت ہے +

(20-11-83)



پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا امپھلا جموں

کشمیری پنڈت سبھا کشپ نواس (رجسٹرڈ) امپھلا جموں

عظیم سانحہ

30 نومبر سنہ 1983ء

کتنے ہی دکھ کی بات ہے کہ وادی کشمیر میں مندروں سے مورتیوں کی چوری برابر ہو رہی ہے لیکن متعلقہ سرکاری اہلکاران اس جانب برابر غفلت برت رہے ہیں۔ آئے دن کے ایسے واقعات کیسے ہی تکلیف دہ ہیں اسکا اندازہ کرنا کوئی کٹھن بات نہ ہوگی۔

اوما نگری اننت ناگ کشمیر سے مورتیوں کی چوری ایک اور عظیم سانحہ ہے اسکا نوٹس لینا ہر ایک شہری۔ انسان کے لئے ضروری بنتا ہے۔ شر پسند انتہا پسند اور ملک دشمن عناصر کو ایسے کارنامے کرنے کے لئے چھوٹ دینا ایک تو خلاف توقع بات ہے دوسرے یہ کسی سازش کا نتیجہ ہی کہلا سکتی ہے۔ لہذا کشمیری پنڈت سبھا جموں حکومت جموں و کشمیر سے پرزور الفاظ میں مانگ کرتی ہے کہ وہ فوری طور پر غلط عناصر کا قلع قمع کرے اور چوری شدہ تمام مورتیوں کو برآمد کروا کر متعلقہ مندروں کو واپس کرے۔

رادھا کرشن تکو

پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں

دل شکن کارنامہ

5 ر دسمبر سنہ 1983ء

جالندھر کے تواریخی دھارمک تیرتھ استھان رام تیرتھ مندر
کی مقدس مورتیوں کو پیٹرول چھڑک کر جلانے اور استھاپن کی بے حرمتی ایک عظیم دل شکن کارنامہ ہے
کشمیری پنڈت سبھا جموں ایسے دل شکن کارنامہ پر اپنے گہرے دکھ کا اظہار کرتی ہے اور حکومت
ہند اور پنجاب سرکار سے زوردار الفاظ میں پرارتھنا کرتی ہے کہ وہ فوری طور پر ایسے انتہا پسندوں
اور سماج دشمن عنصروں کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کو یقینی بنائیں بصورت دیگر امن عامہ ہولناک درجہ
تک خراب ہو سکتا ہے جس کی کشمیری پنڈت سبھا جموں ہرگز ہرگز متمنی نہیں۔ بی این بھان نثار
جنرل سیکریٹری کے پی سبھا جموں

ہنگامی بیٹھک

6، دسمبر 1983ء

کشمیری پنڈت سبھا جموں کے زیر اہتمام آل اسٹیٹ کشیری پنڈت کانفرنس
شری سناتن دھرم یوک سبھا سرینگر کے سابقہ صدر، کشیری پنڈت سبھا جموں کے سابقہ صدر
سابقہ ممبر پارلیمنٹ اور جموں وکشمیر لیجسلیٹو کونسل کے سابقہ چیئرمین اور جموں وکشمیر
کے مایہ ناز سپوت آنجہانی پنڈت شیو نرائن فوطیدار صاحب کی برسی
نہایت عقیدت کے ساتھ منائی گئی۔ اس بیٹھک کی صدارت پنڈت رادھا کرشن
نکو نے کی +

مقررین نے جناب فوطیدار کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے

ہنگامی بیٹھک

6، دسمبر 1983ء

کشمیری پنڈت سبھا جموں کے زیر اہتمام آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس شری سناتن دھرم یووک سبھا سرینگر کے سابقہ صدر، کشمیری پنڈت سبھا جموں کے سابقہ صدر سابقہ ممبر پارلیمنٹ اور جموں وکشمیر لیجسلیٹو کونسل کے سابقہ ممبر ہیں اور جموں وکشمیر کے مایہ ناز سپوت آنجہانی پنڈت شیو نرائن فوطیدار صاحب کی برسی نہایت عقیدت کے ساتھ منائی گئی۔ اِس بیٹھک کی صدارت پنڈت رادھا کرشن نِکو نے کی +

مقرّرین نے جناب فوطیدار کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اُن کی حالاتِ زندگی پر سیر حاصل بھاشن دئے۔ سبھا کے نائب صدر پنڈت کاشی ناتھ کول نے جناب فوطیدار کو شردھانجلی پیش کرتے وقت کئی بار ٹھنڈی آہیں بھر لیں۔ آپ نے اُن کی قربانی کو دوسرے عظیم رہنماؤں کی قربانی سے کم نہ گردانا۔

بدری ناتھ بھان نثار جنرل سیکریٹری نے ایک نظم پڑھکر سُنائی اور کہا کہ جناب شیو نرائن فوطیدار نے کم وبیش اپنی زندگی کی ساٹھ بہاریں اپنی برادری، دھرم وکرم قوم اور ملک کے لئے نچھاور کردیں۔ ہمیں پرن کرنا چاہئے کہ ہم اُن کے مشن کی سختی سے پابندی کرکے برادری کی خدمات سرانجام دینے میں پس و پیش نہ کرینگے + ؎

یہ کائناتِ آب و گل ہے جسکے غم میں مضمحل
دبا ہے جسنے سوزِ دل وہ مہرباں کہاں گیا +

پی این بھان نثار۔ جنرل سیکریٹری کے پی سبھا جموں

ایک چراغ اتنا شبت گل ہوا

ریاست جموں وکشمیر کا ایک مایہ ناز سپوت، ایک اہم سوشل اور سماجی کردار
ایک حیادار اور ایک مکمل انسان، ایک غریب پرور اور ایک دوست، ایک پاسبان دھرم
اور ایک مسلمہ دانشمند 5 دسمبر 1983ء کے منحوس دن سرینگر میں ہم کو داغ جدائی دینے
میں کامیاب ہوا۔ ہم کو اور ہمارے سانکڑوں مداحوں کو روتا بلکتا چھوڑ کر وہ ہم سے دور
بہت دور چلا گیا جہاں سے وہ لوٹ کر ہرگز نہیں آ سکتا۔

اس عظیم شخصیت کا نام **پنڈت درگا پرشاد رینہ ولد سورگباشی پنڈت سونہ جو رینہ**
مہاراج گنج حال 21-اے اندرا نگر سرینگر نواسی ہے۔ آپ بدری ناتھ جہان نثار
جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں کے خالہ زاد بھائی تھے۔ آپ نے ساری عمر خدا دوستی اور
انسان دوستی کے لئے وقف کی تھی۔ آپ کا کردار انتہائی بلندیوں کو چھو گیا تھا۔ آپ کے غم میں کون
شریف طبع اشکبار نہ ہوگا۔ آپ ملنسار اور خوش گلو تھے۔ آپ دوسروں کے غم کو اپنا ذاتی غم
خیال کرنا سنگھار سمجھا کرتے تھے۔ آپ بے کس و ناکس کی امداد کو آیا کرتے تھے۔ آپ کی صفات ایک سنہری تواریخ کے
سنہری باب سے کم نہ تھے۔ آپ کی شخصیت ہزاروں شخصیتوں پر فائق تھی اعلےٰ اور ارفع بھی۔ جونہی آپ کے
انتقال پر ملال کی خبر جموں میں پہونچی تو کئی لوگ ماتم کناں نظر آنے لگے۔ اسی غم و اندوہ میں قلیل المدتی
نوٹس پر **کشمیری پنڈت سبھا جموں** کا ایک ہنگامی ماتمی اجلاس پنڈت رادھا کرشن تلو کی صدارت میں
منعقد کیا گیا جس میں پنڈت درگا پرشاد رینہ کے سورگباش ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور
2 منٹ کی خموشی کے ساتھ ساتھ بھگوان سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی پوتر آتما کو سدگتی
پردھان کرے نیز ان کے سانکڑوں سوگواروں کو یہ سانحہ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔
اسکے بعد پنڈت جگن ناتھ بٹ سابقہ صدر کشمیری پنڈت سبھا جموں نے اپنے بستر علالت سے
جو ایک ماتمی پیغام ارسال فرمایا تھا ... کو ... میں پڑھ کر سنایا گیا اور اس دوران
صدر سبھا اور جنرل سیکریٹری کی آنکھیں ... اشکبار ...

بی این جہان نثار
جنرل سیکریٹری کے پی سبھا جموں

83

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کیمپ لوس امپھلا جموں

آہ! ابنِ حکیم پنڈت شمبھو بٹ مرحوم	مجلسِ ماتم	آہ! محسنِ انسان 3-1-84 3 جنوری ۸۴ء

جونہی یہ الم ناک خبر سبھا کے ٹیلیفون پر سُنی گئی کہ "ریاستِ جموں و کشمیر کی ایک باوقار
شخصیت، کشمیری پنڈت برادری کے ایک مقتدر رکن، کردار اور گفتار کے غازی،
گیتا و قرآن کے پرستار انسانیت کے اہم علمبردار حاذق الحکماء، ہزاروں
لاکھوں مریضوں کے محسن غم خوار صورت و سیرت میں لاثانی، اخلاق و شرافت
اور انسانیت و ہمدردی میں یکتائے زمانہ، سیکولر کردار کے مالک
اور مقبولِ خاص و عام پنڈت پرتھوی ناتھ بٹ اور ڈاکٹر راجناتھ بٹ
کے والد بزرگوار حکیم پنڈت شام لال صاحب بٹ کرن نگر سرینگر
نواسی کا انتقال پُرملال ہوا تو فوراً امپھلا لوئس پر کشمیری پنڈت سبھا جموں نے کل
پنڈت رادھا کرشن ٹکو کی صدارت میں ایک ایمرجنسی میٹنگ کا انعقاد کیا
اور حکیم صاحب کے بے وقت رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کر کے
اُنہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کئے اور پھر دو منٹ کی خاموشی کے بعد سبھا
کے جنرل سیکرٹری نے سورگباشی حکیم صاحب کے روشن کردار، حسنِ اخلاق، غریب
پروری اور انسانیت پرستی اور خودداری پر چشمِ نم ایک طویل بحث چھیڑی
ازاں بعد پرارتھنا کی گئی کہ بھگوان سورگباشی کی پوتر آتما کو شانتی
پردھان کرے اور ان کے سوگواروں کے علاوہ اُن ہزاروں لاکھوں مریضوں
اور پرستاروں کو یہ صدمۂ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے + ۳ جنوری ۱۹۸۴ء

پی این بھان نثار

جوالا ... گوشۂ [illegible]

شوک سبھا

دیر سے ملی اطلاع کی بنیاد پر کشمیری پنڈت سبھا جموں نے پنڈت رادھا کرشن ٹکو کی صدارت میں ایک شوک سبھا منعقد کی جس میں برادری کے ایک اہم رکن ایک حب الوطن ایک شفیق انسان اور ایک دھرم پریمی اور ایک سابقہ سپرانٹنڈنٹ محکمہ جنگلات پنڈت سروانند کول عدالتی المعروف "چالاک" کے انتقال پر ملال پر گہرے صدمے کا اظہار کیا گیا اور پرارتھنا کی گئی کہ پرماتما سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردھان کرے۔ اور اُن کے پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

اسکے بعد اسی نوعیت کی ایک قرارداد پاس کی گئی۔

پنڈت سروانند کول کے اخلاق اور کردار مثالی تھے۔ آپ اپنے اوصافِ حمیدہ کے کارن ملازمت کے دوران ہر دلعزیز واقع ہوئے۔ آپ ہر کسی کے غم اور خوشی میں برابر حاضری دیا کرتے تھے۔ آپ اچھے سوشل کردار کے مالک تھے۔ آپکے انتقال سے جو خلا پیدا ہوا اُسکا پُر ہونا ناممکنات میں سے ہے۔ سبھا دعا کرتی ہے کہ بھگوان آپ کو اپنے چرنوں میں جگہ دے۔

6/8/81

بی این بھان نثار
جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا کشپ نواس امپھلا جموں

چیتاونی

اِس بات کا اعادہ کیا جانا ضروری ہے کہ ریاست جموں و کشمیر میں کشمیری پنڈت جاتی کی دو صرف دو نمائندہ جماعتیں ہیں۔ ایک آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس (شری سناتن دھرم یووک سبھا) کشپ بھون شیتل ناتھ سری نگر (معہ اسکی اکائیوں کے) ہے جبکہ کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کشپ نواس امپھلا ریاڑی جموں (سماجک و دھارمک سنستھا) دوسری ہے۔

آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس سرینگر کو ملک بھر میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ ان دو انجمنوں کے علاوہ کسی اور جماعت اگر کوئی ہو یا جنم پا چکی ہو یا پانے والی ہو کو ہر دو مذکرہ صدر سنستھاؤں کی نہ کوئی حمایت حاصل ہوگی نہ ریاست اور ریاست سے باہر طول و عرض میں رہنے والے برادری کے مقتدر ارکان کی کوئی ہمدردی میسّر ہوگی۔

سیاسی شعبدہ بازی میں ملوّث جن ذی غرض افراد نے کسی نام نہاد سبھا سوسائٹی کو پریس کانفرنس کے دائرہ میں کل ہند سطح پر جنم دینے کا اعلان کیا ہے وہ محض ڈھونگ ہے اور برادری کی اہم صفوں میں دراڑ ڈالنے کے مترادف قدم ہے۔ اور وہ شخص جو اپنے دیوی دیوتاؤں اور دھارمک ستھانوں کی غیر منقولہ جائداد کو بیچنے اور پوجا پاٹھ کے اہم مقامات کا سودا کرنے پر تلے ہوئے ہیں یہانتک کہ شمشان کی ملکیت کو بھی نہیں چھوڑتے ہیں برادری کو چاہیئے کہ اُن کے ماضی کے کردار کا پوسٹ مارٹم کرے اور اُن کو گھر کی چار دیواری میں ہی قیام کرنے کی صلاح دے۔ ایسے برادری اور دھرم دشمنوں سے ترکِ تعلق لازمی ہوگا۔ (4/84)

پی این بھان نثار

جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں

ہمیں ہند کی شان اپنی پھیلانی ہو

فقط ایکتا کی ضرورت ہے

بہ تعلق پریس نوٹ بعنوان "چیتاونی" ملک بھر میں رہائش پذیر کشمیری پنڈت برادری کے ذی عزت ارکان کو عمومی طور پر اور ریاست جموں و کشمیر میں سکونت پذیر افراد کو خصوصی طور پر اس امر سے واقف کیا جاتا ہے کہ "آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس (شری سناتن دھرم یووک سبھا) مرکزی دفتر کشپ بھون شیتل ناتھ سرینگر کی افادیت اور فوقیت کو زک پہونچانے کے لئے برادری کے کچھ کوتاہ اندیش اور ذی غرض افراد سرتوڑ کی بازی لگانے میں پہل کر رہے ہیں۔ رہا کشمیری پنڈت سبھا جموں کا سوال یہاں پر سبھا ہمدردوں میں ایسے غلط عناصر کو ایسی حماقت کرنے سے پہلے ہی ٹھکانے لگانے کی صلاحیت موجود ہے"۔

Points to Ponder آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس کے آفیشل آرگن کے مضمون سے اس بات کا یقین سا ہونے لگتا ہے کہ "برادری کی ایکتا کو بھنگ کرنے کے لئے دھارمک سنستھانوں کی پوترتا ختم کرنے کے لئے اور دھارمک آستھاپنوں کی زمینوں اور جائدادوں کا سودا یا ہڑپ کرنے کے لئے مفادِ خصوصی رکھنے والے مختلف حربوں کا استعمال کر کے برادری دشمن اپنے شغل میں مصروف ہیں"۔ اسلئے تمام ہوشمند مرد و زن برادری ارکان سے گذارش کی جاتی ہے کہ "آپ نفرت پھیلانے والے ایکتا دشمنوں اور دھرم دروہی لوگوں کو بہر قیمت منہ نہ لگائیں ورنہ برادری کا وقار کسی غلط سیاست کی نذر ہو کر ختم ہو کر رہیگا اور جسکا پچھتاوا بعد میں فضول ہوگا"

(11.1.84)

بی ایل بھان نثار
جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں

مضحکہ خیز حکمنامہ

(12-1-86)

پنجاب اسکول ایجوکیشن بورڈ کے اِس مبینہ خود ساختہ حکمنامہ سے تمام ہندو جاتی کے احساسات کو زبردست ٹھیس پہونچی ہے۔ اور اسطرح ہندی پڑھنے والے بچوں کے بنیادی حقوق کی پائمالی اور جذبات کو مجروح کرنے کا عمل شروع کیا گیا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ پنجاب میں تعلیم کا نظام مفلوج ہوا ہے اور یہ بدترین وبا کا شکار بھی ہوا ہے نہیں تو کیا وجہ ہے کہ اِس قسم کا حکمنامہ کہ جسکی رُو سے سرکاری اسکولوں میں ہندی ماد ھیم والے طلبا کو امتحان میں نہ بیٹھنے دینا اور انہیں نیا داخلہ نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے؟ کیا یہ مضحکہ خیز حکم نامہ اِس بات کا غماز نہیں ہے کہ اِس وبا کے پھیلنے سے ہندؤوں کو ہندی کے ساتھ ساتھ سنسکرت زبان کی علمیت سے بھی باز رکھا جائیگا جو اُن کے بنیادی حقوق کو ختم کرنے کے برابر احمقانہ قدم ہوگا۔

کشمیری پنڈت سبھا جموں حکومت ہند اور حکومت پنجاب سے یہ غیر واجب حکم نامہ فی الفور واپس لینے کی پُر زور الفاظ میں اپیل کرتی ہے اور اُمید ظاہر کرتی ہے کہ ایسا سرکلر خط یا حکمنامہ جاری کرنے والے غیر ذمہ دار آفیسر کے خلاف ایکشن لینگی تاکہ ہندی پڑھنے والے طلبا و طالبات کا مستقبل مخدوش نہ ہو۔

بی این بھان نثار
جنرل سکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شیو نواس امبپھلا جموں

مجرمانہ فعل

نہایت ہی افسوس کا مقام ہے کہ مروّجہ قانون کی دھجیاں اُڑاتے ہوئے
کچھ شیطان طبیعت لوگ اپنی مجرمانہ حرکتوں سے باز نہیں آرہے اور
وادیٔ کشمیر میں دیگر جگہوں کے علاوہ ضلع اننت ناگ میں کئی جگہوں پر
کھلے بندوں بڑا گوشت کی فروختگی کے لئے دوکانیں چلا رہے ہیں
اور اسطرح غیر مسلم طبقہ کے لوگوں کے جذبات احساسات
اور مذہبی عقیدے کو ہولناک درجہ تک ٹھیس لگانے میں
سرگرم عمل ہیں۔

کشمیری پنڈت سبھا جموں جہاں ایسے مجرمانہ
فعل کرنے والے غیر شائستہ لوگوں کی مذمّت کرتی ہے وہاں
حکومتِ جموں و کشمیر کے ذمہ داروں سے پُرزور الفاظ میں اپیل کرتی ہے کہ
وہ غیر مسلم فرقہ کے لوگوں کے مذہبی عقیدے کا احترام کرتے ہوئے ایسا
مجرمانہ فعل کرنے والوں کی دوکانیں بند کروانے کے لئے جنگی سطح پر حرکت میں آئے
بصورتِ دیگر یہی تاثر لیا جائیگا کہ کسی خاص مصلحت کے
تحت ایسا مجرمانہ کاروبار سرکار کے ایماء پر ہی کروایا جارہا ہے۔

رادھا کرشن تکو
پریذیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا
جموں

کشمیری پنڈت سبھا شب سوا آشرم امبھالا جموں

26.1.84

پنڈت جگن ناتھ بٹ

اور خاموشیٔ ممات کی آغوش سرد

دل رو رہا ہے اور جگر کے ٹکڑے ہو رہے ہیں۔ دماغ خارج اور قلم مفلوج ہے درد و غم اور رنج والم نے گھیرا ڈالا ہے۔ سناٹا چھایا ہوا ہے اس وقت جب یہ خبر انتہائی رنج و غم کے ساتھ سنی گئی کہ ہندو دھرم کے ایک زبردست حامی، ایک محب وطن، ایک محسن غم خوار، ایک اعلیٰ سماج سیوک، ایک پاک شخصیت، ایک کٹر ایماندار شخص ایک ہمدرد، ایک آدرش وان، ایک چرتر وان، ایک گن وان، ایک ہر دلعزیز ایک غریب پرور اور کشمیری پنڈت سبھا جموں کے سابقہ پریزیڈنٹ

پنڈت جگن ناتھ بٹ صاحب

کا حرکتِ قلب بند ہونے کے کارن دہلی میں آج صبح انتقال ہوا

آپ بغرض علاج معالجہ دہلی چلے گئے تھے لیکن حیات نے وفا نہ کی۔

پنڈت جگن ناتھ بٹ مدت مدید تک ہمارے درمیان رہے۔ اب اُن کو کہاں سے ڈھونڈ نکالیں ہر طرف یاد ہی یاد چھوڑ گئے ہیں۔ ہم نے آج تک کئی صدمات برداشت کئے لیکن آج کا صدمہ اُن سب سے عظیم ہے ایسی موت ہے جس پر انسانیت برسوں آنسو بہائے گی۔ یہ ایک عظیم سانحہ ہے جو ناقابل برداشت ہے لیکن مشیت ہی ایسی تھی کہ اب سوائے سر خم کرنے کے کوئی چارہ نہیں۔

پنڈت جگن ناتھ بٹ تن واحد تھے لیکن ان میں درجنوں صفات موجود تھیں ایک شخصیت کی شخصیت کا مجموعہ تھی ایک نام کئی ناموں کا ترجمان تھا۔ انکی موت کئی انسانوں کے صفات جذبات اور احساسات کی موت ہے۔ پنڈت جگن ناتھ بٹ نامی ہندو نام کا کوئی شخص آج بے شک زندہ نہیں رہا مگر یہ نام ابد الآباد تک زندہ رہے گا اور ہمیشہ ہمیشہ محبت و عزت اور فخر و احترام کے ساتھ لیا جائے گا۔ پنڈت جگن ناتھ بٹ نے آنکھیں بند کیں اور تاریخ کا ایک زرتب باب مکمل ہو گیا جو تہذیب و تمدن کا، اخلاق و شرافت کا، شفقت و محبت کا، اخوت و مروت کا، وضعداری اور جان نثاری کا اور انسانیت و ہمدردی کا طلائی باب ہے۔ جگن ناتھ بٹ بجائے خود ایک تاریخ تھے ایک مکمل تاریخ جسمیں قومی خدمت بھی ہے اور سماج سیوا بھی جسمیں مذہب بھی ہے اور ادب بھی اور جسمیں یگانگت اور انکساری بھی ہے غرضیکہ یہ ایک ذات کی تاریخ ہونے کے ساتھ ساتھ پوری انسانیت کی تاریخ بھی ہے۔ جگن ناتھ بٹ صاحب ایک ہمہ گیر شخصیت تھے۔ کشمیری پنڈت جاتی خصوصاً اور انسانیت عموماً ایسی بہترین شخصیت کے غم میں ہمیشہ ہمیشہ سوگوار رہیگی۔ ہم بھگوان سے پرارتھنا کرتے ہیں کہ وہ سورگباشی کی روح کو تسکین عطا کرے اور اُن کے سینکڑوں ہزاروں سوگواروں کو یہ غم عظیم برداشت کرنے کی شکتی دے کاش اِس نقصان عظیم کی تلافی ہو سکے۔

بی این بھان نثار

جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا شب سوا آشرم امبھالا جموں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شیپ واس امبالا جموں

قاتلانہ حرکت

15/2/84

کشمیری پنڈت سبھا جموں نے ایک غیر معمولی اجلاس میں وادی خاصکر سرینگر میں رونما ہوئے ناخوشگوار واقعات اور امن و قانون کی بگڑتی ہوئی صورت حالات پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔

دریں اثنا سبھا نے کل 14 فروری 1984ء کو سرینگر کے عین وسط یعنی ملک آنگن فتحکدل کے علاقہ میں اقلیتی فرقہ کے ایک مقتدر رکن اور ہر دلعزیز شریف طبع شخص پنڈت شمبھو ناتھ بٹ کی اہلیہ محترمہ شریمتی اوما شوری کے گھر میں گھس کر اور اُسکے منہ میں کپڑا ٹھونس کر تین شرپسند نوجوان غنڈوں کی ہولناک درجہ تک اُسکی مار پیٹ کرنے کی مجرمانہ اور سنگدلانہ واردات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور ریاست کے امن و قانون کے محافظوں سے زوردار الفاظ میں مانگ کی کہ وہ ایسے غلط عناصر کو قانون کے شکنجے میں ڈال کر اقلیتی فرقہ کی تسلی کرائیں بصورت دیگر یہی تاثر لیا جائے گا کہ اقلیتی فرقہ کو ہجرت کرنے کے لئے مجبور کرنے کی پہل کی جا رہی ہے

15/2/84 +

پریزیڈنٹ

کشمیری پنڈت سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا اشتہار ٹاؤن امپلا جموں

انسانیت سوز فعل

23/2/84

کشمیری پنڈت سبھا جموں نے آج اپنی غیر معمولی بیٹھک میں پنجاب کے مسلسل تشدد آمیز واقعات پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے امرتسر شہر اور لوپوکی و امرکوٹ میں ایک ہی فرقہ کے درجنوں افراد کے قتل اور مجروح کرنے کے درندانہ عمل کی زوردار الفاظ میں مذمت کی۔

سبھا نے تمام امن پسندوں، ملک دوستوں اور انسانیت کے علمبرداروں سے اپیل کی کہ وہ ملک میں سکھ شانتی اور امن و امان کا واتاورن بنانے کے لئے تندہی سے کام کریں۔ خیر سگالی کا ماحول پیدا کریں اور مزید خون خرابہ ہونے کی ہر غیر انسانی حرکت کی کڑے الفاظ میں مذمت کریں کیونکہ جہاں ایک طرف مسلسل خون خرابہ ہوگا اور دوسری طرف بدامنی اور فرقہ دارانہ کشیدگی ہوگی وہاں خونِ ناحق بہے گا، جانی نقصان ہوگا اور آپسی نفرت پنپے گی اور ملک کی مالی پوزیشن ہولناک درجہ تک ختم ہوکر رہے گی اور نتیجہ صفر ہوگا جسکے لئے کوئی شریف آدمی تیار نہ ہوگا۔

کشمیری پنڈت سبھا جموں نے اپنے موقف کو دہراتے ہوئے اپنے ممبران اور امن پسند شہریوں سے درخواست کی کہ وہ ہر قیمت پر بھید بھاؤ، رنگ و نسل اور ذات پات سے دور رہ کر دھارمک سنستھانوں کی پوترتا کی اہمیت کو قائم رکھیں اور یگانگت کا ماحول قائم کرنے کے لئے عملی اقدام کریں۔

کشمیری پنڈت سبھا جموں نے شری دوارکا ناتھ جالا سپرانٹنڈنٹ پولیس کے کارِ سرکار سرانجام دیتے ہوئے جیپ سمیت (ضلع اننت ناگ سنگم کے نزدیک دریائے جہلم میں گر کر رحلت فرمانے پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور پرارتھنا کی کہ بھگوان سورگباشی کو اپنے چرنوں میں جگہ دے۔ نیز ان کے سبھی سوگواروں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی شکتی عطا کرے۔

سبھا نے حکومت جموں و کشمیر سے اپیل کی کہ وہ اس حادثہ کی چھان بین کروائے اور دریں اثنا مرحوم کے لواحقین کو خاطر خواہ مالی امداد فراہم کرے۔

پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا امنشپ نواسں امپلا جموں

شوک سبھا

18.3.84

کشمیری پنڈت سبھا جموں کا ایک ہنگامی اجلاس صدر سبھا پنڈت رادھا کرشن ٹکو
کی صدارت میں منعقد کیا گیا جسمیں برادری کے ایک مقتدر اور محترم رکن، ہر دلعزیز شخصیت
دھرم وکرم کے پرستار اوصافِ حمیدہ کے مالک رئیس طبع، ایک ہمدرد اور بہی خواہ
اور سروشری مکھن لال بٹ و برجموہن بٹ ڈپٹی سیکریٹری اگریکلچر کے والد بزرگوار
پنڈت پرساد جو بٹ ساکنہ سنفو بالا سرینگر حال ساکن
462/A گاندھی نگر جموں کے مورخہ 16 مارچ 1984 کے روز اچانک رحلت
فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور پرارتھنا کی گئی کہ بھگوان سورگباشی
کی آتما کو اپنے چرنوں میں جگہ دے اور ان کے تمام سوگواروں کو یہ سانحۂ عظیم
برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے + اسکے بعد ایک قرار داد یاس کی گئی اور طے پایا
کہ اسکی نقول متعلقین کے علاوہ کشیپ وانی میں بھی شائع کردی جائے۔


دستخط بحروف انگریزی

رادھا کرشن ٹکو
صدر شوک سبھا

قرار داد

ہم جملہ ممبران کشمیری پنڈت سبھا جموں برادری کے ایک اہم مقتدر اور
محترم رکن، ایک ہردل عزیز شخصیت، ایک رئیسِ طبع، ایک متحمل دھرم وکرم
ایک ہمدرد و بہی خواہ اور سروشری مکھن لال بٹ اور برجموہن بٹ
ڈپٹی سیکریٹری اگریکلچر کے والدِ بزرگوار پنڈت پرساد جو بٹ
کے اچانک رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں اور
پرارتھنا کرتے ہیں کہ بھگوان سورگباشی کی پوتر آتما کو سدگتی
پردھان کرے اور ان کے لواحقین کو یہ غم عظیم برداشت کرنے کی
شکتی عطا کرے۔

بی این بھان نشاط
جنرل سیکریٹری کے پی سبھا جموں



روئیداد شوک سبھا منعقدہ 28 جنوری سنہ ۱۹۸۴ء

سب سے پہلے سبھا کے جنرل سیکریٹری نے ورکنگ کمیٹی کی شوک سبھا بلانے کی غرض و غایت بیان کیں۔ جنرل سیکریٹری نے کہا

"آج ہم ایک عظیم شخصیت اور اپنے روحانی گورو اور اپنی مقتدر سبھا کے سابقہ صدر پنڈت جگن ناتھ صاحب بٹ کے اکسماتی سورگباش ہونے پر اپنا شوک پرگٹ کرنے کے لئے یہاں پر جمع ہوئے ہیں اور میں بذات خود پژمردہ لگ رہا ہوں جبکہ مجھے صاف نظر آرہا ہے کہ آپ سبھی حاضرین کے چہرے اترے ہوئے ہیں۔ خون میں جو حرارت تھی نظر آرہا ہے کہ کم سی ہو گئی ہے۔ جسم و جان سُن پڑے ہوئے ہیں لیکن پھر بھی یہ اُنہی مہان ہستی کا کچھ آشیرواد اور پنیہ پرتاپ شامل حال ہے جو آپ سبھی لوگ پھر سمیت آج یہاں پر انتہائی دُکھ کے باوجود حاضر آئے ہیں۔"

اس کے بعد جنرل سیکریٹری نے اجلاس میں سبھا کی جانب سے مندرجہ ذیل قرارداد پیش کی جو بہ اتفاق رائے پاس کر دی گئی

قرارداد

"ہم جملہ ارکان کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کنٹ پور وس امپھلا جموں ریاست کے ایک قابل احترام سپوت، ایک بے درد عزیز انسان، ایک دیش بھگت، ایک ایماندار شخصیت، ایک مجاہد پنڈت جاتی، ایک غریب پرور، ایک انسان دوست، ایک ہی خواہ اور کشمیری پنڈت سبھا جموں کے سابقہ صدر پنڈت جگن ناتھ بٹ کے دہلی کے لوک نائک جے پرکاش نرائن ہسپتال میں عظیم بھارت کے 35 ویں گن تنتر دوس یعنی 26 جنوری سنہ ۱۹۸۴ء کی صبح کے کوئی 1:5 بجے اکسمات دیہانت فرمانے پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں اور بھگوان سے ہاتھ جوڑ کر پرارتھنا کرتے ہیں کہ وہ سورگباشی کی پوتر آتما کو اپنے چرنوں میں جگہ دے نیز اُن کے پسماندگان کے علاوہ اُن کے سینکڑوں ہزاروں سوگواروں کو یہ عظیم غم برداشت کرنے کی شکتی عطا کرے۔"

اس کے بعد جنرل سیکریٹری نے کہا "2 جون سنہ ۱۹۸۳ء کو مجھے پنڈت جگن ناتھ بٹ نے کہا کہ دیکھو سبھی سنستھائیں اپنا اخبار نکال رہی ہیں لیکن بار بار کہنے کے باوجود بھی کشمیری پنڈت سبھا جموں کی جانب سے آپ نے خبرنامہ جاری نہ کیا۔ یہ ایک دیرینہ خواہش ہے۔ پروفیسر موزہ نے بھی اس جانب خاص توجہ دی۔ پچھلے 60 برس سے سبھا کی جانب سے کوئی خبرنامہ جاری نہ ہو سکا۔ البتہ گذشتہ 3/4 برسوں سے سبھا نے ہر مسئلہ پر پریس نوٹ جاری تو کر دئے لیکن باضابطہ سبھا کا خبرنامہ جاری نہ ہوا۔ یہ ایک میری دیرینہ تمنا ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ تمنا بر ہی نہ آئے اور آپ جواب دہ بن جائیں۔"

آپ کی اس مشفقانہ اور مخلصانہ بات سے متاثر ہو کر میں دو صفحاتی ماہانہ خبرنامہ پھر 4 صفحاتی خبرنامہ

کشمیری پنڈت سبھا کرشن نواس جموں

28.1.1984.

ماتمی بیٹھک

کشمیری پنڈت سبھا جموں کی ورکنگ کمیٹی کے ممبران نے زیر صدارت پنڈت بالکرشن بھان ایک ماتمی بیٹھک منعقد کی جس میں ریاست کے ایک معتبر اور مقتدر سپوت اور کشمیری پنڈت سبھا جموں کے سابقہ صدر پنڈت جگن ناتھ بٹ کے دہلی کے لوک نائک جے پرکاش نرائن ہسپتال میں ۲۸ جنوری کی صبح کو اچانک انتقال فرمانے پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور بھگوان سے اُن کی آتما کی شانتی اور اُن کے لواحقین اور ہزاروں سوگواروں کو یہ رنج عظیم برداشت کرنے کی شکتی عطا کرنے کے لئے پرارتھنا کی گئی۔ اور بعد میں دو قرار دادیں منظور کی گئیں جن کے بارہ میں طے پایا کہ اسکی نقول متعلقین کو ارسال کر دی جائیں۔

Blhan
صدر ماتمی بیٹھک

[signature] 28/1
ناظم ماتمی بیٹھک

حاضرین

1. Susa[illegible]
2. [signature]
3. [signature] ONDL
4.
5. Blhan
6. [signature]
7. [signature]
8.
9.
10.
11.
12.
13.
14.
15.
16.
17.
18.
19.
20.
21.

شری اوتار کرشن مرزا نے کہا" کیوں نہ ہم اپنے گھروں سے ہی ایسا اقدام کریں۔ اس سے اس معاملہ کی نزاکت بڑھ جائے گی ہو اور
نتائج بہتر نکل سکیں گے"۔

شری اومکار ناتھ درے نے کہا" سپرو صاحب نے ٹھیک ہی کہا کہ ایک آشرم کھولا جائے اور اُسمیں پنڈت جگن ناتھ بٹ صاحب کا
مجسمہ نصب کیا جائے۔ بٹ صاحب کی شمع جلتی رہنی چاہئیے۔ اُن کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا ہمارا کرتویہ ہونا چاہئیے"

چنانچہ اس مسئلہ کے بارہ میں اگلی میٹنگ میں وچار ورمرش کرنے کی تجویز ہوئی اور صدر میٹنگ پنڈت بالکرشن کھان
نے فرمایا" یہ معاملہ پنڈت منیلہ کنٹھ کول کے سپرد کردیا جائے تاکہ وہ اس بارہ میں ایک لائحہ عمل Line of action
طے کریں گے۔ مرزا صاحب کی تجویز کہ گھروں سے ہی شروع کیا جائے بہترین ہے" اسکے بعد صدر میٹنگ نے فرمایا" غیر حاضر ممبران
کے گھروں میں دوسرے یا اُسی روز جانے کا مخصوص پروگرام چلایا جانا چاہئیے۔ اس سے بندش سی رہتی ہے اور یہ ایک
دوسرے کو قریب آنے جانے کا سا ذریعہ بن سکتا ہے"۔

اسکے بعد

پیش کردہ 3 تجاویز پر کافی ساری بحث ہوئی۔ چنانچہ بٹ صاحب کی یادگار کے قیام کے بارہ میں شری سوم ناتھ در
نے کہا۔ Sabha Shall provide Space for errection of the (Statue)
memorial in acceptance of his Baradari Service.

* اسکے علاوہ طے پایا کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ کی ایک قد آدم تصویر تیار کرکے میٹنگ ہال میں آویزاں رکھی جائے۔
* اجلاس نے فیصلہ صادر کیا کہ سبھا پر پنڈت جگن ناتھ بٹ کی ایک یادگار ضرور قائم ہونی چاہئیے۔
* مد نمبر ب" یکرائے سے فیصلہ صادر کیا گیا کہ سبھا کا کتب وانی بٹ صاحب کی نیک تمناؤں کا آئینہ دار ہے لہذا اسکو
اُن کے نام سے منسوب کیا جانا چاہئیے

جگن ناتھ بٹ میموریل کمیٹی کے قیام کے بارہ میں کہا گیا

شری سوم ناتھ در۔ بے شک کمیٹی کا قیام الگ طور پر عمل میں لایا جانا چاہئیے کیونکہ کمیٹی کے بغیر یادگار کا قائم کرنا
اور اُسکے ساتھ دوسری ضروریات کا پورا کرنا کچھ مشکل ہی ہوگا۔ جگن ناتھ بٹ صاحب کے ہمدردوں ملک میں بھی خواہوں میں
برادری کے باہر بھی بے شمار لوگ موجود ہیں ہمیں اُن سے بھی سمپرک قائم کرنا ہوگا۔ تاکہ مخصوص طریقہ پر مخصوص کام مکمل ہوں"
صدر میٹنگ پنڈت بالکرشن کھان نے تجویز پیش کی کہ" ایک باڈی بنادی جائے جسکا صدر کوئی اور شخص ہو۔ یہ سبھا سے ایک
الگ مختلف باڈی ہو۔ اسمیں 5 تا 10 ممبران ہوں اور صدر اور جنرل سیکریٹری اسمیں شامل ہوں"۔
جنرل سیکریٹری مدن ماتھ سجان نے تجویز پیش کی کہ" اس کمیٹی کے کچھ سرپرست بھی مقرر کئے جانے چاہئیے" چنانچہ شری سوم ناتھ سپرو
شری سوم ناتھ در اور پنڈت درشن پنڈت نے کہا کہ" کنور راجندر سنگھ، شری دیوراج ڈوڈہ، شری گندو شرہ، شری موتی لال سپرو
اور شری پیارے لال جلالی۔ اسکے سرپرست مقرر کئے جانے چاہئیے۔

جاری کردئیے جن سے اُن کی تھوڑی بہت آس بندھ گئی۔

اسکے بعد آپ نے مجھے ماہ اگست کو جموں میں دوبارہ کہا" کہ سبھی کام چھوڑ کر اب باضابطہ طور پر خبرنامہ جاری کرو۔ یہ ضروری نہیں کہ وہ پرنٹ ہی ہو بے شک سائیکلو اسٹائل ہی کیوں نہ ہو لیکن ہو ایک اخباری صورت میں جسطرح باہر کی سنستھاؤں کے سماچار پتر ہیں اس سے قبل دو ورقی خبرنامے آپنے جاری کروائے لیکن وہ بات نہ بنی جسکا میں متمنی ہوں۔ البتہ اگست ستمبر کا شمارہ نام سمیت دیکھ کر میری خوشیوں میں اضافہ ضرور ہوا ہے۔"

آگے چل کر جنرل سیکریٹری نے کہا" مجھے یاد ہے کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ نے ۱۸ ستمبر کو مجھے بڑے زور سے کہا" کہ یہاں والوں کی طرح خوبصورت شکل میں اخباری صورت دیکر کٹشپ والی خبرنامہ جاری کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ برادری کی آواز، برادری کا وجود اور اپنے دھارمک سماجک زندہ و جاوید رہ سکیں۔ خوبصورت دیکر آگے ہمارا شیرازہ بکھر کر رہ سکتا ہے۔ خبرنامہ ہماری ایکتا کا ضامن بھی ہوگا۔ لہٰذا آپ اسکو بڑھاوا دینے کی طرف دھیان دیں اور برادری کے ہر گھرانے سے سالانہ چندہ وصول ضرور کریں ورنہ اخبار چل نہ سکیگا۔"

اسکے بعد جنرل سیکریٹری نے ~~[illegible]~~ کہا" یہی وہ راز ہے کہ جسکی وجہ سے سبھا کی جانب سے ماہانہ کٹشپ والی جاری کیا گیا اور آجتک ۸ شمارے (دو نام بھیج) جاری کیے گئے اور آشا ہے کہ برادری کے سہیوگ سے آگے بھی جاری کیا کریں گے۔" اور پھر اسکے بعد اجلاس سے سفارش کی گئی کہ وہ مندرجہ ذیل باتوں کے بارہ میں بھی اپنا فیصلہ صادر کرے۔

ا "سورگباشی پنڈت جگن ناتھ بٹ کو خراجِ عقیدت کے طور پر اور اُنکی جاتی سیوا کے اعتراف میں سبھا بھون میں اُنکی ایک یادگار قائم کی جائے

ب سبھا کے ماہانہ کٹشپ والی کو اُن کے نام سے منسوب کیا جائے۔ اور

ج پنڈت جگن ناتھ بٹ میموریل کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جائے جسکے ممبران کی نامزدگی صدر سبھا کے ذمہ داری جائے"

اس ضمن میں

سب سے پہلے پنڈت سوم ناتھ دور نے کہا" کرم کانڈ کہ جسکے محافظ کے طور پر بٹ صاحب نے ساری عمر کام کیا کو متواتر چلانے کیلئے جوان لوگوں کو اس طرف متوجہ کیا جائے۔ ایک کلاس جاری کردی جائے تاکہ چھوٹے بچے بھی اس علم سے واقف ہوسکیں"

پنڈت شیلہ کنٹھ کول نے کہا" کیا یہ ممکن ہے کہ لڑکے یا ہمارے بچے اُس کلاس میں شامل ہونگے جبکہ ماحول ہی کچھ ایسا ہو چکا ہو۔ ہم لوگ سبھا کی بیٹھکوں میں پوری طرح حاضر نہیں ہوتے تو کسطرح چھوٹے یا جوان بچوں سے یہ ممکن ہوسکتا کہ وہ کلاس میں کرم کانڈ کی تربیت لینگے۔ بہتر یہی ہوگا کہ کوئی ناڈی قائم کی جائے۔ علاقہ وار اس معاملہ پر وضاحت کی جائے اور مشنری انداز میں ایسا کاریہ کرم ہاتھ میں لیا جانا چاہئے۔ یہاں پر کلاس میں کوئی نہ آئے گا"

شری سوم ناتھ سپرو نے کہا" بہتر ہوگا کہ ایک آشرم کا قیام ہو۔ سینٹر یا اتوار کو اس آشرم میں کرم کانڈ کی تعلیم کی نسبت سوچ وچار کیا جائے اور تعلیم دی جائے۔"

All members of the working Committee
K.P. Sabha Jmu.

KPSJ/81-84/2108-33
14.3.84.

Subject: Extra ordinary working Committee Meeting.

Dear Sirs,

After sad demise of Revd: Pt. Jagan Nath Bhat an extra ordinary working Committee meeting is being Convened on 24.3.84 to discuss and finalize the following Agenda:-

1. Navratra Celebrations;
2. Durga Ashtami Mahayagya.
3. Election, and
4. Any other matter with the permission of Chair.

It is, as such, requested kindly to make it Convenient to attend the meeting on the Scheduled date at 6.00 P.m.

Yours faithfully
Sd/-
(R.K. Tiku)
President.

پنڈت سیلہ کنٹھ کول نے کہا" شری کنور راج صدر سنگھ جی سے پوچھ لیا جائے کہ میموریل کمیٹی کس قسم کی ہونی چاہیئے۔

* بہر حال اجلاس میں طے پایا کہ جگن ناتھ بٹ میموریل کمیٹی کا قیام فوری طور پر عمل میں لایا جائے۔

اسکے بعد جنرل سیکریٹری نے صدر سبھا سے مخاطب ہو کر کہا
کہ میموریل کمیٹی کا قیام عمل میں آ تو جائے گا۔ اور میموریل قائم کرنے کے لئے رقومات جو درکار ہونگی وہ کس طرح
بہم ہونگی۔ بہتر ہوگا کہ اس سلسلہ میں کوئی ضابطہ ترتیب دیا جائے۔ چنانچہ سبھی حاضرین سے پوچھا گیا کہ
اسکے لئے کم سے کم عطیہ کی رقم مخصوص کی جائے۔

شری اوتار کرشن مرزا نے تجویز پیش کی "کہ چونکہ بٹ بنوانے میں کوئی ۵ ہزار کے قریب رقم خرچ ہوگی تو اس لئے
سبھا کی ورکنگ کمیٹی کے ممبران کو اسکا خرچہ اپنی ذاتی حیثیت میں اور سبھا سے باہر اٹھانا چاہیئے۔

میٹنگ میں موجود پنڈت کنہیا لال رینہ (نیز ورکنگ کمیٹی ممبر) نے کہا 25 روپے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ 500 روپے مقرر ہوں

شری اومکار ناتھ درہ نے کہا کم سے کم 35 روپے اور زیادہ سے زیادہ 50 روپے مقرر ہیں

شری رادھا کرشن پنڈت نے کہا "صرف ایک سو روپیہ فی ممبر مقرر ہوں

شری سیلہ کنٹھ کول نے کہا۔ کم سے کم 100 روپیہ مقرر ہوں۔

شری سوم ناتھ درہ نے کہا۔ جو زیادہ سے زیادہ دینا چاہے دے

شری اوتار کرشن مرزا نے کہا۔ کم سے کم 100 روپیہ مقرر ہونا چاہیئے کیونکہ خرچہ کافی سارا ہوگا۔

شری سیلہ کنٹھ کول نے کہا یہ کام اپنی دس یوم میں پورا ہونا چاہیئے

* It was Resolved with mass vote that Rs 100/= should be paid by each working Committee member and it should be paid by 5th Feb., 1984 positively and it should in no case be postponed.

* اسکے بعد طے پایا۔ کہ سبھا کے ممبران ورکنگ کمیٹی 250/= روپیہ اکٹھا کر کے سبھا کے حوالہ کرینگے
اور سبھا یہ رقم جگن ناتھ بٹ میموریل کمیٹی کے حوالہ کریگی تاکہ باقی ماندہ روپیہ باہر کے ذرائع سے
وصول ہو کر بٹ نصب ہو۔

اسکے بعد سبھا کی میٹنگ ختم کی گئی۔ (یاد رہے پنڈت رادھا کرشن بٹلو آج کی میٹنگ میں کسی کارن حاضر نہ ہو سکے)

[signature] او این بھان 28/1/84.
جنرل سیکریٹری

روئیداد غیر معمولی ورکنگ کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 24 مارچ 1984ء بہ صدارت پنڈت رادھا کرشن ٹکو

و بہ نظامت سری ناتھ بھان جنرل سیکریٹری

I. حسب نوٹس نمبری ...... KPSJ/81-84/2108-33 مورخہ 14 مارچ 1984ء آج مورخہ 24 مارچ 84ء کو سبھا کی ورکنگ کمیٹی کی غیر معمولی میٹنگ منعقد کی گئی جس کی صدارت صدر سبھا پنڈت رادھا کرشن ٹکو نے کی۔ سب سے پہلے ممبران کے سامنے دوبارہ ایجنڈا پڑھ کر سنایا گیا اور اس پر غور و خوض اور کارروائی کرنے کے لئے سبھا کے کیشیر Cashier سری اوتار کرشن مرزا نے تجویز پیش کی کہ سب سے پہلے نورہ مبارک پر پیش کئے جانے کے لئے جنرل سیکریٹری سبھا کی سالانہ رپورٹ پڑھ کر سنائیں تاکہ اس میں مناسب ردّ و بدل یا اضافت یا حذف تجویز کی جا سکیں۔ لیکن پنڈت کاشی ناتھ توفی ممبر نے تجویز پیش کی کہ پہلے ایجنڈا کے مطابق نورہ کے بارہ میں پروگرام کو آخری شکل دی جائے چنانچہ جنرل سیکریٹری نے نورہ کی تقریبات کے بارہ میں ہندی/اردو پوسٹروں کا متن پیش کیا جس کو منظوری دی گئی۔ سری بھوان نے زور دیا کہ سادہ تقریب منانے کے بارہ میں کثرت رائے یہ رہی کہ بھجن کیرتن چائے نوشی اور سالانہ رپورٹ پیش کرنے کے علاوہ اور کوئی بات نہیں ہونی چاہیے۔ مبارک پرب کو سادگی کے ساتھ منانے میں ہی کامیابی پیدا ہوتا ہے۔

II. سری گردھاری لال رینہ ممبر نے تجویز پیش کی کہ درگا اشٹمی کے مہا یگیہ کے بارہ میں نورہ مبارک کے لئے ہی فیصلہ کر لیا جانا چاہئے اور ذمہ داریاں سونپی جانی چاہئیں۔

III. سری منوہر ناتھ زتشی نے تجویز پیش کی کہ گزشتہ سال کی طرح نئے الیکشن کا انتظام کیا جانا چاہیے۔ اور اس کے بعد آپ نے صدارتی چناؤ کے بارہ میں کہا کہ باوجود ہم نے کئی اخباروں کے ذریعے برادری کے بالغ افراد کو ممبرشپ کی ترغیب دی تھی اور سبھا کی ورکنگ کمیٹی سے باہر بھی برادری ارکان سے ممبرشپ کیلئے گذارش بھی کی اور ممبرشپ کی کتابیں بھی پیش کی تھیں لیکن چونکہ نتیجہ خاطر خواہ نہ رہا لہٰذا ہم کو چاہئے کہ ہم تیسری بار ایک اور نوٹس جاری کریں اور اس نوٹس کو برادری کے گنجان علاقوں میں دیواروں پر چسپاں کریں چنانچہ موقعہ پر ہی نوٹس کا مضمون تحریر کیا گیا اور طے پایا کہ یکم اپریل سے 30 اپریل 1984ء تک ممبرشپ کی میعاد مقرر کی جائے تاکہ مئی 1984ء میں چناؤ با عمل آ سکے۔ یہ بھی طے پایا کہ سالانہ رپورٹ کو چھپوانے سے پہلے یہ نوٹس اس میں شامل کیا جائے اور ساتھ ہی آئین سبھا کے مطابق صدارتی چناؤ کے لئے دوسری بار اقتباس درج کیا جائے۔ اس تجویز کو سبھی حاضرین نے لبیک کہا۔

IV. سری پیران ناتھ شوشو نے تجویز پیش کی کہ ایک گھرانہ کی ممبرشپ فیس دو روپیہ مقرر کی جانی چاہئے بھلے ہی اس میں بالغ افراد ایک سے زیادہ ہی کیوں نہ ہوں۔ تو پنڈت بال کرشن بھان اور اومکار ناتھ در نے کہا کہ "ہم لوگ آئین کی کسی دفعہ یا اس کی کسی شق میں ردّ و بدل کرنے حذف یا اضافت کرنے یا بدلنے یا ختم کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔ اور چونکہ آپ نے بھی اس آئین کے اطلاق کے لئے بڑی محنت کی ہے تو یہ کیسے ممکن ہو سکے گا کہ سبھا کے لئے آمدن کا ذریعہ ختم کیا جائے اور ایک سے زیادہ بالغ ممبران سے صرف دو روپیہ ممبرشپ فیس برائے دو سال وصول کی جائے چونکہ یہ ممبرشپ فیس سبھا کے لئے آمدن کا ایک معمولی ذریعہ ہے جو الیکشن کے بھاری خرچہ میں مدد کا کام دیتی ہے۔ چنانچہ یہ تجویز سرے نہ چڑھنے کے کارن

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کشپ نواس شارکا مندر امپھلا جموں — 24.3.1984

غیر معمولی ورکنگ کمیٹی میٹنگ

حسب طے شدہ پروگرام زیر چٹھی نمبری KPSJ/81-84/2108-33 مورخہ 4 ر مارچ سنہ 1984ء آج ورکنگ کمیٹی کی ایک غیر معمولی میٹنگ زیر صدارت پنڈت رادھا کرشن ٹنکو منعقد کی جا رہی ہے جس میں اور باتوں کے علاوہ خصوصی طور پر مندرجہ ذیل ایجنڈا پر بحث ہوگی اور حتمی فیصلے کئے جائیں گے۔

1, Navratra Celebrations ; — 1۔ نوراترہ کی تقاریب

2, Durga Ashtami Maha Yagya ; — 2 درگا اشٹمی مہا یگیہ

3, Presidential Election ; — 3 سبھا کے صدر کا چناؤ

4. Any other Point with the Permission of chair ; — 4 دیگر امور بہ اجازت صدر

آج کی اس غیر معمولی میٹنگ میں جو اصحاب شریک ہو رہے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ اپنی خصوصی حاضری کے طور پر اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔

[signature]

صدر میٹنگ

Attendance / Signatures

No.	Name	Signature	No.	Name	Signature
1	(B.N. Bhan)	[signature]	11	P.N. Shishu	[signature]
2	(S.N. Tikoo)	[signature]	12	T.N. Kaul	[signature]
3	K.N. Bali	[signature]	13	S.N. Sapoo	[signature]
4	A.K. Mirza	[signature]	14	Rajinder Nath	[signature]
5	G.L. Raina	[signature]	15	O.N. Dhar	[signature]
6	K.N. Kaul	[signature]	16		
7	M.N. Zutshi	[signature]	17		
8	M.L. Raina	[signature]	18		
9	B.K. Bhan	[signature]	19		
10	S.N. Dhar	[signature]	20		

کا چاؤ عمل میں لائے جانے کا فیصلہ قابل تحسین اقدام ہے۔

XIII اسکے بعد بدری ناتھ بھان جنرل سیکریٹری نے سبھی حاضرین سے کہا کہ آنے والا پہلا نورہ ہوگا کہ جب پنڈت جگن ناتھ بٹ سوز گنگا وشنی ہمارے درمیان نہ ہوں گے لہٰذا اُن کی آتما کی شانتی کے لئے اور سروکلیان کے لئے برادری کلیان کر دے اسکو اچھے پیمانے پر منایا جانا چاہئے۔

XIV اسکے بعد حاضرین کی چائے کی پیالی سے تواضع کی گئی اور صدر اجلاس نے تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور اجلاس برخاست کیا۔

B.N. Bhan
Gen: Secty
Convener 24.3.1984

Confirmed
R.K. Tikoo
26/3/84.

K.P. Sabha (Regd:) Jammu

26/3/84
MONDAY

As decided in the W/C meeting held on 24.3.84, the next Executive meeting was scheduled to be held on 26.3.84 at 5 P.m, which has been conducted under the Chairmanship of Sh. R.K. Tikoo. The following were present:-

1. S/Sh. S.N. Dhar
2. M.L. Raina
3. B.N. Bhan
4. A.K. Mirza
5. O.N. Dhar
6. Rajinder Wani
7. S.N. Sapru
8. R.K. Tikoo.

B.N. Bhan 26/3/84
Convener

R.K. Tikoo.
(President)

T.O.

منظوری سے رہ گئی۔

V پنڈت کاشی ناتھ کول نائب صدر نے کہا کہ "چونکہ سبھا کی ممبرشپ کی کمی کے کارن اور دوسرے اہم وجوہ کہ جن کا ورنن جنرل سیکریٹری بھان صاحب نے سالانہ رپورٹ میں ضرور کیا ہوا ہوگا، صدارتی چناؤ کا کیا جانا ناممکن ہی تھا۔

VI بدری ناتھ بھان نے تجویز پیش کی کہ اگر ممبرشپ معقول نہ ہوئی تو ہم الیکشن کے دن ہی باہر گیٹ پر ممبرشپ کریں گے اور اصلاح آئین سبھا کی رو سے ممبر بننے والا ہر بالغ فرد اندر جاکر اپنے ووٹ کا استعمال کرے گا۔ لیکن اس تجویز کو بھی قبولیت حاصل نہ ہوئی۔ چنانچہ طے پایا کہ اس مسئلہ پر 26 مارچ کے روز اسی سال میں غور و خوض ہوگا۔

VII پنڈت سوم ناتھ ٹکو نے تجویز پیش کی کہ ہم درگا اشٹمی کے ہون کے موقعہ پر ہی ایک طرف بیٹھ کر ممبرشپ کریں گے تو شری سوم ناتھ در اور شری مکھن لال رینہ نے کہا "اس سے ہون کے ماحول پر الٹا اثر پڑنے کا احتمال ہوگا۔"

VIII اسکے بعد شری سوم ناتھ سپرو نے تجویز پیش کی کہ سبھا کی موجودہ ورکنگ کمیٹی اور سبھا کے صدر کے عہدہ میعاد میں ایک سال کی توسیع کی جائے جسکی بعد میں نوروز مبارک پر برادری کے اجتماع سے حتمی تصدیق کروائی جائے۔ چنانچہ تجویز معقول تھی اور ضابطے کے مطابق بھی تھی لہذا اس تجویز کو بیک رائے منظور کیا گیا اور جنرل سیکریٹری کو ہدایت کی گئی کہ سالانہ رپورٹ میں اس فیصلہ کا ذکر ضرور کیا جانا چاہیے۔ آخر برادری ہم سے کوئی الگ نہیں وہ بھی حالات کو سمجھتے ہیں اور سمجھینگے اور انہیں ہماری مجبوریوں کا بخوبی اندازہ بھی ہے۔

IX اسکے بعد جنرل سیکریٹری نے کشیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں کی سالانہ کارگزاری جو 1 اپریل 83ء سے 31 مارچ تک کے عرصے سے متعلق تھی ترتیب دی ہوئی تھی اجلاس میں پیش کی۔ اس کارگزاری رپورٹ کو جوں کی توں حالت میں یکرائے سے پاس کیا گیا۔ دریں اثنا پنڈت بالکرشن بھان اور شری ترلوکی ناتھ کول نے کہا کہ رپورٹ مکمل بھی ہے اور مفصل بھی۔ اسپر شری سوم ناتھ سپرو نے کہا کہ "بھان صاحب ایسی رپورٹ لکھنے کے لئے مبارکباد کے پاتر ہیں۔"

X شری راجناتھ کول نے کہا "رپورٹ واقعات کی روشنی میں تحریر کی گئی ہے اور اس میں اور باتوں کے علاوہ تمنا کی گئی ہے کہ امن و امان قائم ہو۔ برادری کی ایکتا مضبوط ہو اور ملک و ریاست میں سکھ شانتی کا واتاورن بنا رہے۔"

XI اسکے بعد شری مکھن لال رینہ نے کہا کہ جنرل سیکریٹری صاحب نے صدارتی چناؤ کے بارہ میں تفصیل کے ساتھ برادری کی کوتاہیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے سبھا کی جانب سے کی گئی ممبرشپ کے بارہ میں کاروائی جو پڑھکر سنائی وہ لائق تعریف ہے۔ اور ابتدا میں انہوں نے واقعات کی روشنی میں سال 84-1983ء کو منحوس سال قرار دینے کا جرات مندانہ رویہ اختیار کیا ہے چونکہ تمام باتیں مبنی بر صداقت ہیں لہذا اس دوران میں امید کے مطابق کام کا ہونا کٹھن تر ہی تھا لیکن پھر بھی ہم نے وہ کچھ کیا جو ہم سے بن پایا۔

XII اسکے بعد پنڈت کاشی ناتھ کول نائب صدر نے سبھا کی موجودہ ایگزیکیٹو کی میعاد میں ایک سال کی توسیع کو برادری کے لئے ایک نیک فال قرار دیتے ہوئے کہا کہ ممبرشپ کئے جانے کے بعد اور حتمی تاریخ کے بعد سبھا کے صدر

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شارکا مندر کنٹپ نواس جموں

سلسلہ وار بے حرمتی

وادیٔ کشمیر میں مندروں سے پوتر اور قیمتی مورتیوں کی چوریوں اور
دوکافی ساری بے حرمتیوں کے بعد اب پوجا پاٹھ کی جگہوں، پوتر استھانوں
مقدس مقامات اور عبادت گاہوں کی باری آئی ہوئی نظر آرہی ہے۔

ابھی کل ہی کی بات ہے کہ ضلع اننت ناگ میں اقلیتی فرقہ کے اہم
پوتر استھان ناگہ بل کی حدود میں زبردست بم دھماکہ ہوا
جسکے کارن سارے علاقہ میں دور دور تک خوف و ہراس پھیل گیا
اور سبھی اہل علاقہ میں ہیجان کا عالم طاری ہوا۔

چونکہ ریاست سے باہر اس قسم کی تباہی کافی عرصہ سے سننے کو
آرہی ہے اور یہ وبا اب ریاست جموں و کشمیر کی مقدس سرزمین
پر بھی نمودار ہونے لگی ہے جو ایک خطرناک بات ہے۔

انتہاپسندوں کی اس شرمناک حرکت پر

کشمیری پنڈت سبھا جموں اپنی گہری تشویش کا اظہار
کرتے ہوئے سرکار سے گذارش کرتی ہے کہ وہ اس قسم کی وارداتوں
کی روک تھام کو جنگی سطح پر یقینی بنائے اور جتنی جلدی ہو سکے
اس سلسلہ وار بے حرمتی کو ہمیں پرلس کرنے اور ملک دشمن
اور امن دشمن عناصر کی سرگرمیوں کو ختم کرنے کے اقدامات
کرے تاکہ اقلیتی فرقہ اور ہراساں نہ ہو اور مقدس مقامات
اور پوجا پاٹھ کی جگہوں کا تقدس اور پوترتا ← بنی رہے

رادھا کرشن تکو
سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا (جموں)

روئداد مختصر میٹنگ منعقدہ بتاریخ ۲۶ مارچ ۱۹۸۶ء بروز سوموار زیر صدارت پنڈت رادھا کرشن جی
و نظامت بہ بدری ناتھ بھان جنرل سیکریٹری

ابتداء میں بدری ناتھ بھان نے مورخہ ۲۶ مارچ کی میٹنگ کی روئداد پڑھ کر سنائی اور بعد میں صدر میٹنگ سے اُسکی تصدیق کروائی۔

آج کی کاروائی۔ سب سے پہلے پنڈت سوم ناتھ سپرو نے کہا "کہ معاملہ گمبھیر ہے اور سپر سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا جانا چاہئے۔ کہ سبھا کی ممبر شپ کون سے آسان طریقہ کو اپنانے سے روبہ عمل آئے گی۔ کیونکہ ممبر شپ ہی برادری کو ذمہ داری سے آگاہ کرنے کا بہترین سادھن متصور ہوتا ہے۔ اور یہ میل ملاپ کا خاص ذریعہ ہوتا ہے۔ چنانچہ شری اوسکار ناتھ در نے صدر میٹنگ سے اجازت طلب کر کے رائے پیش کی کہ بھان صاحب کا گذشتہ میٹنگ میں دیا ہوا سجھاؤ ٹھیک ہی نظر آرہا ہے۔ کیونکہ برادری خود لاپرواہ سی ہوتی ہے اور ہم لوگوں کے لئے گھر گھر پھرنا ممکن بھی نہیں۔ ہم اس سلسلہ میں ایک اور نوٹس ۱۰ - ۱۵ روز کے بعد نکالیں گے تاکہ اپریل تک خاصی ممبر شپ ہو اور ایسا بھی نہ ہو کہ گذشتہ چناؤ میں پڑنے والے ووٹوں سے تعداد کم ہو۔

شری اوسکار ناتھ در کی تجویز سے مکمل طور پر اتفاق نہ کیا گیا بلکہ اُن کا سجھاؤ کہ ایک اور اشتہار نکالا جائے اور گذشتہ ووٹنگ سے زیادہ ممبران کا اندراج ہو کو تسلیم کیا گیا۔

شری اوتار کرشن مرزا نے کہا۔ کہ برادری کو سبھا کے خرچ جو اسنے ممبر شپ کرنے کے بارہ میں اُٹھایا ہے کو خاطر میں لانا چاہئے اور سبھا کے لئے کوئی پرابلیم پیدا نہ کرنا چاہئے۔ نیز اُن کو خود ہی ممبر شپ حاصل کرنے کے لئے آگے آنا چاہیے۔

شری مکھن لال رینہ اور بدری ناتھ بھان جنرل سیکریٹری نے نیک وقت تجویز پیش کی کہ اس سلسلہ میں ہمیں ٹھوس اقدام کرنے چاہئیں اور اگر 30 اپریل تک معقول ممبر شپ نہ ہوئی تو الیکشن کے بارہ میں فیصلہ کرنے کے لئے یہ مسئلہ بعد میں زیر غور لائے جانے کے لئے جنرل برادری کا اجلاس بلا کر حتمی فیصلہ کروایا جانا چاہئے۔ تاکہ صورت حال سے نپٹنے کے لئے کوئی راستہ وضع ہو سکے۔ چنانچہ بہ اتفاق رائے طے پایا کہ

اگر معقول ممبر شپ نہ ہوئی تو چناؤ کے بارہ میں جنرل برادری کے اجلاس میں حتمی فیصلہ کیا جانا چاہئے اور یہ اجلاس 30 اپریل ۸۶ء کے بعد ہی بلایا جانا چاہئے۔ اسکے بعد صدر میٹنگ نے تجویز رکھتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ جائز ہے؟ اور پھر میٹنگ کے ختم ہونے کا اعلان کیا گیا۔

G/S.
Convenor 26.3.86

جموں میں مقیم کشمیری پنڈت برادری

کے لئے دوسرا

منحوس دن

31 مارچ سنہ 1984

اس روز چند شر پسندوں سمیاں

سروشری

جیون لال کول ولد پنڈت شمبھو ناتھ کول ساکنہ کچی چھاؤنی جموں

کلدیپ امباردار ولد پنڈت اوم کار ناتھ امباردار ساکنہ سبھاش نگر جموں

پیر دمن کرشن ٹکو ولد مرحوم پنڈت سروپ ناتھ ٹکو ساکنہ سبھاش نگر جموں

اور جگر ناتھ رازدان ولد نا معلوم ساکنہ سروال لکشمی نگر جموں

نے

شری انوپ کول وکیل کی معرفت سبھا کے صدر اور جنرل سیکریٹری

کو سبھا کا نظام چلانے کے لئے منشی ایڈیشنل منصف

(فارسٹ مجسٹریٹ) مسٹری کی عدالت سے مناہی کا پروانہ جاری

کروا دیا۔

حالانکہ 3 سال قبل بھی شری انوپ کول ایسی ہی ایک حماقت کر چکا تھا۔

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شمار گاہ مندر گنپت یار جموں

مورخہ 3 اپریل 1984ء کو کشمیری پنڈت سبھا جموں پر کشمیری پنڈت سبھا جموں کے بہی خواہوں کی ایک غیر معمولی بیٹھک منعقد کی گئی جس میں پنجاب میں ہو رہے قتل عام پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور حکومت پنجاب سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنی مروجہ پالیسی کو ترک کرکے ہندوستان کے سیکولر کردار اور قومی یکجہتی کے آدرش کو مسخ ہونے سے بچائے۔

بیٹھک میں تمام مقتول لوگوں کی آتماؤں کی سدگتی کے لئے بھگوان سے پرارتھنا کی گئی اور تمام سوگوار خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

بیٹھک میں ایک ریزولیوشن کے ذریعے حکومت ہند سے بھی درخواست کی گئی کہ دہشت گردی کی وبا سے پنجاب اور آس پاس کی ریاستوں کو بچانے کی معقول اور مناسب تدابیر اختیار کی جائیں ورنہ اس وبا کا اثر دور دور تک پڑنے کا احتمال ہوگا اور انتہا پسند سرکوبی سے آزاد رہیں گے جو ملک کے بھوشیہ کے لئے ایک مستقل دردِ سر بنا رہے گا۔ (صدر بیٹھک رادھا کرشن ٹکو)

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کنٹپ نواس امبھپلا جموں


مورخہ 3 ... 4.4 ... جموں کے بھی

توجہ کیجیے

جموں میں مقیم کشمیری پنڈت برادری کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کشمیری پنڈت سبھا
(رجسٹرڈ) امبھپلا جموں کا پہلا نوراترہ (نورہ) یعنی ۲ اپریل ۱۹۸۴ء یا اُسکے بعد اس سال
کوئی بھی الیکشن جیسا کہ کشمیر ٹائمز جموں کے 3 اپریل اور ایک اخبار جموں کے ۴ اپریل
کے روزناموں میں چھپ چکا ہے نہ ہوا - یہ من گھڑت بے بنیاد اور غلط خبر
چند ایک شرپسندوں اور برادری دشمنوں نے اپنے ذاتی مفاد کے لیے چھپوائی ہے
اور یہ شرپسند اور برادری دشمن کون ہیں وہ برادری کے نوٹس میں پہلے ہی لایا جا
چکا ہے اور آگے بھی بہ تفصیل لایا جائے گا -

ضابطے کے بموجب سبھا کا چناؤ زیر غور ہے اور اس بارہ میں اعلانیہ طور پر
پہلا نوراترہ (نورہ) یعنی ۲ اپریل کو برادری کے اجتماع میں بتایا جانا تھا لیکن
ایسا نہ ہو سکا کیونکہ راقم الحروف کے نام پر ۳۱ مارچ کو عدالت نے ایک
سٹے آرڈر جاری کر لیا ہے جس کی رو سے بطور صدر سبھا کا کام کاج بند کرنے کی
ہدایت کی گئی ہے - چناؤ کے بارہ میں عدالت کی جانب سے سٹے ہٹانے کے بعد ہی پروگرام مشتہر ہوگا


رادھا کرشن تکو - پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کنٹپ نواس جموں



وحشیانہ حرکت

18/4/84

آج شام جموں کے سرکردہ کشمیری پنڈتوں کا ایک اجتماع کشمیری پنڈت سبھا جموں کے احاطہ میں منعقد کیا گیا جس میں ریاست جموں و کشمیر کے ریونیو و قانون منسٹر جناب پیارے لال ہنڈو پر سیکریٹریٹ میں دن دہاڑے اُن کے دفتر میں کسی وحشی شخص کے وحشیانہ حملہ پر زبردست غم و غصّہ کا اظہار کیا گیا اور حکومتِ وقت پر یہ واضح کیا گیا کہ ایسے وحشی حملہ آور شر پسند اور انتہا پسند شخص کو قرار واقعی سزا دلوانے میں فوری اقدام کرے تا کہ دوسرے ایسے لوگوں کو بھی عبرت حاصل ہو۔ دریں اثنا شری ہنڈو کی فوری صحت یابی کے لئے پرارتھنا کی گئی اور ایک قرارداد پاس کی گئی جس کے بارہ میں طے پایا کہ اسکی نقول حکومت کے اعلیٰ ارکان کے علاوہ [illegible]




کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کا مندر کشپ بھون

امپھلا جموں

یکم مئی 1984

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں ہول سرینگر میں
واقع شری پورن راز بھیرو کے عظیم استھاپن
کی جائداد کو نذرِ آتش کرنے کی غیر انسانی حرکت
پر اپنے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے ملک دشمن
اور اُن دشمن عناصر کی مذمت کرتی ہے اور
حکومت جموں و کشمیر کے اعلیٰ ادھیکاریوں سے مانگ
کرتی ہے کہ وہ بھید بھاؤ [illegible] فوری طور پر اس



کشمیری پنڈت سبھا (جموں) شاریکا مندر کشپ نواس امپھلا جموں

ہنگامی اجلاس

11 ستمبر/84

کشمیری پنڈت سبھا جموں کی مجلس عاملہ کا ایک ہنگامی اجلاس زیر صدارت پنڈت بالکرشن بھان منعقد کیا گیا جس میں ہندوستان کی ایک مہان شخصیت ایک عظیم قلمکار، ہندو دھرم کے رکھشک، ماہنامہ گیان امرت (پنجابی) کے سمپادک اور سکھ مت کے اعلیٰ ترین اکال تخت کے سابقہ اعلیٰ ترین عہدیدار جناب گیانی پرتاپ سنگھ جی کے بے دردی کے ساتھ قتل کئے جانے پر اپنے گہرے دکھ کا اظہار کیا گیا اور پربھو سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کو اپنے چرنوں میں جگہ دے اور ان کے تمام سمبندھیوں، رشتہ داروں اور لا تعداد غم زدوں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی شکتی عطا کرے۔ اجلاس میں حکومت سے مانگ کی گئی کہ وہ انتہاپسندوں کا قلع قمع کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے کیونکہ یہ انسانیت کا قتل ہے۔

بدری ناتھ نشار
سنیوجک ہنگامی اجلاس

کشمیری پنڈت سبھا کا ماہنامہ کشپ نواس امپھلا جموں


13 مئی 1984ء

ماتمی اجلاس

ایک المناک خبر کو سننے کے بعد اور رات بھر اضطراب میں مبتلا رہ کر کشمیری پنڈت سبھا جموں کا ایک عظیم ماتمی اجلاس آج صبح 8 بجے زیر صدارت پنڈت راجناتھ بھان منعقد کیا گیا جس میں بھارت کے ایک مہان سپوت، ایک عظیم صحافی ایک دلیر شخصیت ایک غریب پرور اور سورگباشی لالہ جگت نرائن کے سپتر اور شری اروند چوپڑہ کے والد بزرگوار اور ہند سماچار اور پنجاب کیسری کے چیف ایڈیٹر شری رمیش چندر کے روز روشن میں جالندھر میں نہایت دردناک حالت میں قتل ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور بھگوان سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی پوتر آتما کو سدگتی پردھان کرے نیز ان کے سوگواروں اور سینکڑوں ہزاروں پرستاروں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی شکتی دے + اجلاس میں ماتمی قرارداد کے علاوہ دو اور قراردادیں بھی منظور کی گئیں +

قراردادیں

(1) ہم جملہ ارکان کشمیری پنڈت سبھا جموں بھارت کے مہان سپوت ایک سچے دیش بھگت ایک غریب پرور ایک عظیم صحافی لالہ جگت نرائن جی کے فرزند ارجمند شری اروند چوپڑہ کے والد بزرگوار اور ہند سماچار اور پنجاب کیسری کے چیف ایڈیٹر شری رمیش چندر جی کے



کشمیری پنڈت سبھا کا ہندر کشپ نواس سپلا جموں

13 مئی 1984ء

ماتمی اجلاس

ایک المناک خبر کو سننے کے بعد اور رات بھر اضطراب میں مبتلا رہ کر کشمیری پنڈت سبھا جموں کا ایک عظیم ماتمی اجلاس آج صبح 8 بجے زیر صدارت پنڈت راجناتھ بھان منعقد کیا گیا جس میں بھارت کے ایک مہان سپوت، ایک عظیم صحافی ایک دلیر شخصیت ایک غریب پرور اور سورگباشی لالہ جگت نرائن کے سپتر اور شری اروند چوپڑہ کے والد بزرگوار اور ہند سماچار اور پنجاب کیسری کے چیف ایڈیٹر شری رمیش چندر کے روز روشن میں جالندھر میں نہایت دردناک حالت میں قتل ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور بھگوان سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی پوتر آتما کو سدگتی پردھان کرے نیز اُن کے سوگواروں اور سینکڑوں ہزاروں پرستاروں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی شکتی دے + اجلاس میں ماتمی قرار داد کے علاوہ دو اور قرار دادیں بھی منظور کی گئیں +

قرار دادیں


(الف) ہم جملہ ارکان کشمیری پنڈت سبھا جموں بھارت کے مہان سپوت ایک سچے دیش بھگت ایک غریب پرور ایک عظیم صحافی لالہ جگت نرائن جی کے فرزند ارجمند شری اروند چوپڑہ کے والد بزرگوار اور ہند سماچار اور پنجاب کیسری کے چیف ایڈیٹر شری رمیش چندر جی کے بے رحمی سے قتل کئے جانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں اور بھگوان سے پرارتھنا کرتے ہیں کہ وہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردھان کرے اور اُن کے پسماندگان اور غم زدہ پیروں ہزاروں ہی خواہوں کو یہ غم عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے +

(ب) نیز ہم حکومت ہند اور حکومت پنجاب سے مانگ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر تمام ایسے شرپسندوں، درندہ سیرت لوگوں اور بے رحم قاتلوں کو چاہے وہ کوئی بھی ہوں اور کہیں پر بھی پناہ گیر ہوں قانون کے شکنجے میں لاکر قرار واقعی سزا دلوائیں تاکہ پنجاب اور دیش کے حالات اور تباہ کن نہ ہوں

(ج) اسکے علاوہ ہم لوگ اس اجلاس کے ذریعے حکومت اور عوام کو بتاتے ہیں کہ ایسے بے رحمانہ اور بزدلانہ قتل کی کسی بھی جانب سے حوصلہ افزائی نہ ہونی چاہیئے کیونکہ یہ ایک انسانیت کا قتل ہے صحافت کا قتل ہے، سچی آواز کا قتل ہے اور ہندو دھرم کے پجاری کا قتل ہے اور ایسے واقعات خون خرابہ کو ہی جنم دے سکتے ہیں جو کوئی ٹھیک بات نہ ہوگی

بی این بھان نثار

ناظم اجلاس۔ کے پی سبھا جموں



وادئ کشمیر کے اقلیتی فرقہ کے حب الوطنانہ جذبہ سے کھلواڑ کرنا بہت ہی تکلیف دہ ہے۔

مندروں کی بے حرمتی اور آگ لگانے کی دلسوز حرکتیں بے برداشت

مبرک مورتیوں کی چوری اور توڑ پھوڑ قابل مذمت

دہشت گردی اور لاقونیت کا مظاہرہ ریاست کے سیکولر کردار کے لئے زک آور

آپسی بھائی چارہ کو خراب کرنا امن دشمنی اور ملک دشمنی ہے

جموں 31 مئی 1984ء

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں وادی میں رونما ہوئے گذشتہ چند دنوں کے واقعات پر اپنے گہرے دکھ کا اظہار کئے بنا نہیں رہ سکتی ہے کتنے رنج کی بات ہے کہ ریاست کے صدیوں کے سیکولر کردار کو پہلو بہ پہلو اور رفتہ رفتہ ختم کرنے کے لئے ایسا لگتا ہے دہشت گردوں، ملک دشمنوں، اشتہاری مجرموں اور سازشیوں کو کھلی ڈھیل دی گئی ہے۔ بات کہاں سے اٹھی ہے اور منزلہ کہاں پر گرایا جاتا ہے کی جانب سرکار کوئی توجہ نہیں دے رہی


ہے۔

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کا مندر امبھلا جموں

بیڑا اٹھایا

۴ جون کو چیف منسٹر صاحب کی صدارت میں سٹی زن کونسل جموں کی بیٹھک میں پنجاب کی صورت حال کے پیش نظر جموں میں امن و امان قائم رکھنے اور آپسی بھائی چارہ کی طنابوں کو مضبوطی سے پکڑنے کا عہد کیا گیا۔ چنانچہ اسی عہد کی روشنی میں کشمیری پنڈت سبھا جموں شہر کے عوام سے خصوصی طور پر اور ریاستی عوام سے عمومی طور پر اپنے موقف کی تجدید کرتے ہوئے بیڑا اٹھاتی ہے:

(۱) کہ ریاست جموں و کشمیر کی فضا کو مکدر نہ ہونے دیں۔



کشمیری پنڈت سبھا شاردا مندر امبپھلا جموں

سوچنا

حسبِ روایت اس سال بھی مورخہ 7 جون سنہ 1984 بروز
ویروار کشمیری پنڈت سبھا جموں میلہ کھیر بھوانی بمقام
جیسٹھ اشٹمی کا اُتسو نہایت عقیدت اور شان و شوکت
سے منا رہی ہے ۔ لہٰذا
تمام شردھالو ہندو جاتی سے التماس ہے کہ وہ
اس پوتر اُتسو کے مندرجہ ذیل پروگرام میں شریک ہو کر
پُنیہ کمائے :-

ساموہک آرتی .... 8 بجے شام
پرشاد کی تقسیم .... 9 بجے رات
بھجن و کیرتن .... رات 9¼ سے رات بھر کیلیے

المشتہر
پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا اشٹپھ نواس جموں

کشمیری پنڈت جمّو شارد کامندر گشپ نواس جموں

رکیک حرکت

۶ جون 1986ء

سرینگر کے کئی اہم علاقوں میں جو بدنظمی اور دہشت گردی کا مظاہرہ کیا گیا اور جس کے کارن نارمل زندگی مفلوج سی ہوگئی اور جس کی بدولت باوجود چیف منسٹر کی یقین دہانی کے ہندوؤں کے پوجا پاٹھ کے مقامات کی حد درجہ بے حرمتی کی گئی اور انہیں ہولناک درجہ تک زک پہونچایا گیا یا انہیں آگ لگانے کی کوشش کی گئی ہے متاثر ہوکر

کشمیری پنڈت سماج جموں

اپنے زبردست پروٹسٹ کا اظہار کرتے ہوئے دہشت گردی

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شاردا مندر امپھلا جموں

تعجب خیز واقعہ

13 جون 1984ء


گئوشالا امپھلا جموں میں گذشتہ روز ساٹھ سے زیادہ گائیں انتقال کر گئیں۔ بتایا جاتا ہے کہ ریلوے اسٹیشن پر رکے ہوئے مسافروں کے لئے تیار کئے ہوئے کھانے میں سے بچا ہوا جو کھانا کھلایا گیا کے ہی کارن یہ گائیں مر گئیں۔ گائیں بچانے کے لئے سرکاری

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کا مندر امبھلا جموں

قتلِ انسانیت

۱۷ جون

سوپور سے تار کے ذریعے یہ دردناک اطلاع ملنے پر کہ گچھبل سوپور میں واقعہ آشرم میں گزشتہ کوئی 35 سالوں سے قیام پذیر 85 سالہ سادھو کو انگ انگ کاٹ کر قتل کر دیا گیا ہے سے دکھی ہو کر کشمیری پنڈت سبھا جموں جہاں ایسے درندگی کے کارنامہ پر گہرے صدمے کا اظہار کرتی ہے وہاں ایسے انتہا پسندی اور درندہ صفت لوگوں کی زبردست الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ ایک خدا دوست، اہل اللہ سنیاسی اور تمام لوگوں کے سانجھے سادھو کو جس کا اپدیش بھگوان سے نیک بدھی مانگنے غمزدوں اور لاچاروں کی خدمت کرنے اور ایک دوسرے سے پریم پیار بڑھانے کے سوا کچھ نہ رہا ہو کا قتل تمام انسانیت کا قتل ہے۔



کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شارکا مندر کشپ نواس امبپھلا جموں

شوک سبھا

6 جولائی 1984ء

اس منحوس خبر سے کہ پنڈت پریم ناتھ بزاز
کا گذشتہ روز آل انڈیا میڈیکل انسٹیٹیوٹ نئی دہلی
میں انتقال ہوا۔ پنڈت رادھا کرشن تکو کی صدارت
میں کشمیری پنڈت سبھا جموں نے اپنی ایک غیر معمولی
بیٹھک میں ------ "ریاستِ جموں و کشمیر کے اس
ماہر القادر صحافی، تواریخ دان، اہم سیاسی شخصیت
اور کشمیری پنڈت جاتی کے معتبر اور مقتدر رکن"
کے بے محل رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا
اظہار کیا اور بھگوان سے پرارتھنا کی کہ

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شاریکا مندر کمشپ نواس امبھلا جموں

6 جولائی 1984ء

شوک سبھا

اِس منحوس خبر سے کہ پنڈت پریم ناتھ بزاز کا گذشتہ روز آل انڈیا میڈیکل انسٹیٹیوٹ نئی دھلی میں انتقال ہوا، پنڈت رادھا کرشن تکو کی صدارت میں کشمیری پنڈت سبھا جموں نے اپنی ایک غیر معمولی بیٹھک میں ...... "ریاستِ جموں و کشمیر کے اِس ماہرالقادر صحافی، تواریخ دان، اہم سیاسی شخصیت اور کشمیری پنڈت جاتی کے معمر اور مقتدر رکن" کے بے محل رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور بھگوان سے پرارتھنا کی کہ وہ سورگباشی کو اپنے چرنوں میں جگہ دے نیز اُن کے سوگوار پریوار کو یہ غمِ عظیم برداشت کرنے کی شکتی پردان کرے۔ اسکے بعد ایک ماتمی قرارداد پاس کی گئی اور طے پایا کہ اسکی نقول متعلقین کے علاوہ پریس کو بھی ارسال کردی جائیں۔


بی این بھان، جنرل سیکریٹری کے پی سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا شارکا مندر (رجسٹرڈ) امبھپلا جموں

شوک سبھا

15/6/84

کشمیری پنڈت سبھا جموں کا ایک غیر معمولی اجلاس
پنڈت رادھا کرشن تکو کی صدارت میں منعقد کیا گیا جس میں
کشمیر کے ایک مایہ ناز سپوت، ایک دھارمک شخصیت پنڈت
کاشی ناتھ کول نائب صدر کشمیری پنڈت سبھا جموں کے
پدر نسبتی اور سرو شری موہن لال بٹ اور سنت بھوشن
بٹ کے پوجیہ پتاجی پنڈت رام چند بٹ المعروف راجہ
سکنہ منیگام گاندربل کشمیر کے 81 سال کی عمر میں
حرکت قلب بند ہونے کے کارن 25/26 جون کی رات کو



کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) ستار کا مندر کتھ پورس جموں

تعزیتی میٹنگ

21.7.84.

کشمیری پنڈت سماجوں نے پنڈت رادھا کرشن تکو کی صدارت میں ایک خصوصی تعزیتی میٹنگ منعقد کی جسمیں دریائے لطافت کے منبع دریائے سخن کے ناخدا دریائے موسیقی کے شناور ستار کی ناخدائی مشرقی تا غربی ہندوستان میں موسیقی کے میدان میں ایک دستخط کی حیثیت رکھنے والے شریف طبع اور ہزاروں پیروکاروں کے سرپرست اور سینکڑوں [illegible] بہی خواہوں کے بہی خواہ پنڈت سمت لال کول کے سرینگر میں 92 سال کی عمر میں رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور پرارتھنا کی گئی کہ پرماتما مسوّر گیانی کو اپنے چرنوں میں جگہ دے نیز ان کے لواحقین سوگواروں کو یہ غم عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ اس دوران ناظم میٹنگ بدری ناتھ کھاناں صدر میٹنگ پنڈت رادھا کرشن تکو اور ورکنگ کمیٹی ممبر شری مکھن لال رینہ کے گلے بھر ہوئے نظر آرہے تھے اور انہیں حد درجہ غم ناک اور [illegible] انکی آنکھیں پُرنم ناک دیکھنے میں آئیں۔ اسکے بعد اسی نوعیت کی ایک قرارداد پاس کی گئی

[signature]

صدر میٹنگ

ناظم میٹنگ
بدری ناتھ کھاناں
(جنرل سیکریٹری)

حاضرین: شری مکھن لال رینہ، بدری ناتھ کھاناں، گردھاری لال رینہ، اوتار کرشن مرزا، اومکار ناتھ در، سومناتھ سپرو، سومناتھ تکو، اور ان کے علاوہ شری چونی لال ٹکو شری جانکی ناتھ کاچرو، شری بنسی لال کاچرو، شری چمن لال درانی، درشن جی پنڈت بھی محفل میں حاضر تھے۔

[signature]

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شارکا مندر کشیپ نورس جموں

22.7.1984

اعلان

چونکہ چند ناگزیر حالات اور کچھ غیر مطمئن ماحول کی بنا پر اس سال نوروز مبارک کے روز سبھا کا صدارتی چناؤ عمل میں نہ آسکا حالانکہ اس سلسلہ میں پہل بھی کی گئی تھی اور کچھ کچھ پیش رفت بھی ہوئی تھی

چونکہ ایسا کرنا اب وقت کے تقاضوں کے بموجب ضروری بن گیا ہے اور اس طرح صدارتی چناؤ کے لئے ۲۱ اکتوبر ۱۹۸۴ء (ایتوار) کا دن مقرر کیا گیا ہے.

لہذا میں رادھا کرشن تکو پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں صدارتی چناؤ کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے اپنی سربراہی میں مندرجہ ذیل اصحاب پر مشتمل (۱۰) دس ممبری کمیٹی کا اعلان کرتا ہوں اور انہیں الگ الگ کاریہ کرم کی ذمہ داری سونپ دیتا ہوں

شری کاشی ناتھ کول	سماجک اور دھارمک کاریہ کرم
شری سوم ناتھ در	آمدن اور خرچ کے حسابات
شری سنسی لال کچرو	} برادری کے بالغ افراد کی ممبرشپ کی تکمیل کریں گے۔
شری مکھن لال رینہ	
شری چمن لال ڈلانی	
شری راجندر ناتھ کول	سبھا کے دفتر کی دیکھ ریکھ
شری راجناتھ بھان	صدر سبھا کو امدادی ہاتھ فراہم کریں گے
شری اوتار کرشن مرزا	تعمیراتی پروگرام کی نگہداشت
اور شری ٹی این بھان	سبھا کی تمام پبلسٹی

مزید برآں راقم بذات خود ہی اسٹور اور تمام قسم کی ضروری کارروائیاں اور الاٹمنٹس سرانجام دیا کرے گا۔

راقم اس بات کی تمنا کرتا ہے کہ تمام اصحاب اس قلیل عرصہ میں چناؤ سے متعلق تمام تر ضروری کارروائیوں کو پورا کرنے میں تندہی کا مظاہرہ کریں گے۔

راقم الحروف

[illegible signature]

پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں

تحریر الدر

22.7.1984

(60)

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شاردا مندر کشپ نواس امپھیلا جموں

ماتمی میٹنگ

3.8.84

کشمیری پنڈت سبھا جموں کی ایک غیر معمولی میٹنگ زیر صدارت پنڈت رادھا کرشن تکو منعقد کی گئی جسمیں ریاست جموں وکشمیر کے ایک مایہ ناز سپوت، اہل اخلاق، سماج سدھار کے خالق ثانی، سماج سدھار سبھا کشمیر کے صدر اعظم ایک دانشمند ایک ہی خواہ ایک غریب پرور اور ایک اہل زبان پنڈت گوپی کرشن کرن نگر نواسی کے انتقال پُر ملال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور پرارتھنا کی گئی کہ سورگباشی کی پوتر آتما کو سروشکتی مان شدگتی پردان کرے اور ان کے تمام سوگواروں کو اس عظیم شخص کی دائمی جدائی کا صدمہ برداشت کرنے کی شکتی عطا کرے۔ اسکے بعد اسی موضوع پر ایک قرارداد پاس کی گئی۔

[signature]

صدر ماتمی میٹنگ

ناظم میٹنگ

مدیر ماتھ مہان

سیکشنی انچارج

حاضرین۔ رادھا کرشن تکو، اوتار کرشن مرزا، اوسکار ناتھ در، چونی لال ملو، درشن پنڈت، موہن لال کول، سبھا شن نگری، بنسی لال کھرو، شمو ناتھ سپرو، چمن لال دترانی، کاشی ناتھ کول، گردھاری لال رینہ اور مکھن لال رینہ

[signature]

Convenor.

S/Shri K.N. Koul / S.N. Dhar / B.L. Kachroo / M.K. Raina /
C.L. Dusani / R.N. Koul / R.N. Bhan / A.K. Mirza / B.N. Bhan

Dated 3.8.1984

Subject: Extra ordinary meeting

D/sirs

I take Privelege to request you to kindly make it Convenient to attend the Extra ordinary meeting regarding K.P. Sabha Future at 5 P.M. on 6.8.84 (Monday) at the residence of Sh. B.N. Bhan, 288, Bikram Nagar, Jammu Positively.

Yours faithfully
[signature]
(R.K. Tikoo)
President
K.P. Sabha (Regd.) Jammu

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ)، جموں

(6.8.84)

غیر معمولی بیٹھک

حسب پروگرام آج کشمیری پنڈت سبھا کے نئے نامزد ذمہ دار ارکان کی ایک غیر معمولی میٹنگ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس میٹنگ کی صدارت صدر سبھا پنڈت رادھا کرشن تیکو یا اُن کی غیر موجودگی میں وائس چیئرمین کرینگے۔

آج کی اس غیر معمولی میٹنگ میں حسب ذیل ایجنڈا پر حتمی غور ہوگا اور دائمی فیصلہ ہوگا۔

ایجنڈا

1. صدارتی چناؤ کے لئے خاطر خواہ ممبرشپ کی تکمیل
2. جنم اشٹمی کے مبارک اُتسو پر جھانکی یا جلوس کا اہتمام
3. کشپ وانی کے برابر اجراء کے لئے فنڈ کی فراہمی اور چندہ کی فراوانی
4. الیکشن کے لئے ۱۲ اکتوبر اتوار کی تاریخ کی توثیق۔
5. نئی کمیٹی کا بھاؤ پورن ڈھنگ سے کام کرنے کا عہد
6. دیگر امور بہ اجازت صدر۔

ناظم میٹنگ 6/8/84

صدر میٹنگ

حاضرین:

نام	دستخط
1 شری کاشی ناتھ کول	
2 شری چمن لال درانی	
3 شری راجناتھ بھان	
4 شری سوم ناتھ ور	
5 شری بدری ناتھ کھان	
6 شری اوتار کرشن مرزا	
7 شری راجندر ناتھ	
8 شری بنسی لال کچرو	
9 شری مکھن لال رینہ	

کشمیری پنڈت سبھا جموں

روئیداد میٹنگ منعقدہ بتاریخ ۶ اگست ۱۹۸۶ء

میٹنگ کی کارروائی کے آغاز میں صدر سبھا کا اعلان دوبارہ پڑھ کر سنایا گیا جسکی رو سے صدر سبھا نے 22 جولائی ۱۹۸۶ء کو سبھا کے لئے نئی کمیٹی کی تشکیل کا اعلان کیا تھا اور جس کمیٹی کا نام دو تین ہفتوں میں الیکشن کمیٹی رکھا گیا۔ ۱۵ ممبران کی اس نئی تشکیل شدہ کمیٹی میں سے 8 ممبران نے میٹنگ میں شمولیت کی جبکہ شری سوم ناتھ در بہ کار سرکار سرینگر گئے ہوئے تھے اور شری روچندر ناتھ کول مکان کی چھت ڈالنے کے کام میں مصروف رہے تھے۔

ایجنڈا نمبر ۱ کے مطابق سبھا کی ممبر شپ کے بارہ میں غور کیا گیا اور طے پایا کہ شری جانکی ناتھ واتل شری چونی لال کول شری پیارے ناتھ شتھو، شری [illegible] رینہ شکلا شانتی شری پی این بھان، شری اوتار کرشن مرزا شری راجناتھ بھان اور شری بنسی لال کچرو بالترتیب وہ ممبر شپ بکس واپس لائینگے جن کی کل تعداد 8 ہے اور اس کے علاوہ شری رادھا [illegible] بھان کے پاس سے بھی ایک ممبر شپ بک کی واپسی کو یقینی بنایا جائے۔

اسکے بعد طے پایا کہ ممبر شپ جب کمیٹی اپنی میٹنگ شری بدری ناتھ بھان کے مکان پر [illegible] آئندہ کا پروگرام ترتیب دے گی اور اگلی میٹنگ میں اس سلسلہ میں ہوئی پیش رفت بتلائیگی۔ لیکن یہ میٹنگ کارروائی نہ ہو سکی۔

جب ایجنڈا نمبر 2 کے بارہ میں طے پایا کہ شری کاشی ناتھ کول اپنی ذمہ داری کا احساس کر کے مبارک جنم اشٹمی کے اوسر پر جھانکی نکالنے کا پورا اہتمام کرینگے اور اس سلسلہ میں تمام خرچہ خود صدر سبھا سے وصول کیا جا سکیگا۔ اس سلسلہ میں پوسٹر جاری کرنے کا بھی فیصلہ ہوا جسکی ذمہ داری پی این بھان نے لی۔

ایجنڈا نمبر 4 کی تصدیق کی گئی کہ ۱۵ اکتوبر ایک ورکنگ سبھا کا صدارتی چناؤ عمل میں لایا جائے۔

ایجنڈا نمبر 5 کے مطابق سبھی ممبران نے عہد لیا کہ وہ تندہی سے کام کرینگے۔ سبھا کے صدارتی چناؤ کو [illegible] پر امن طریقہ پر روبہ عمل لائینگے۔

اسکے بعد طے پایا کہ شری راجہ صاحب کی غیر حاضری کی وجہ دریافت کرنے کے لئے ان کے گھر جایا جائے۔ چنانچہ میٹنگ کا اختتام پر [illegible] کیا گیا۔ ورکنگ [illegible] 3 8/86 کو شری ملکھن لال رینہ کے گھر پر میٹنگ بلانے کا فیصلہ کیا گیا اور اسکے

لیے شام 6 بجے کا وقت مقرر کیا گیا۔

اس کے بعد ایجنڈا کا مد نمبر 3 پر غور و خوض کیا گیا اور آمدنی اور خرچ کی تفصیل سننے کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ جن لوگوں یا سفارتوں نے گذشتہ سال کا چندہ نہ دیا ہے ان اس سال سے اخبار بھیجنا بند کیا جائے۔ تاکہ وافر خرچ سے بچا جا سکے اور مقروض نہ ہوا جائے۔ چنانچہ فیصلہ ہوا کہ چندہ دہندگان کے لئے اور چند ایک کمپلیمنٹری کاپیاں بھی چھپوا دی جائیں لیکن اخبار کی فائل میں کم از کم 3 اور سفارتوں کی لائبریری میں 2 کاپیاں ضرور رہنی چاہئیے۔

اس کے بعد سادہ چائے کی پیالی سے تواضع کی گئی اور اس سلسلہ میں میزبانی کے فرائض مشرف الدین عباسی نے سرانجام دئے۔

Sec. Programme & Conv.

صدر

کشمیری پنڈت سبھا شارکا منڈر کشپ نواس جموں

غیر معمولی بیٹھک

۹ اگست 1984ء

پنڈت رادھا کرشن تکو کی صدارت میں کشمیری پنڈت سبھا جموں کی ایک غیر معمولی بیٹھک منعقد کی گئی جس میں مرحوم پنڈت نرنجن ناتھ ہنرو کی اہلیہ محترمہ اور عزیزی چاند کمار ہنرو کی والدہ محترمہ شریمتی راجدلاری ہنرو سکنہ اجابی مکان نمبر 525 محلہ بازار تالاب کھٹیکاں جموں کے مورخہ 7 اگست کو انتقال فرمانے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور بھگوان سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردان کرے اور نابالغ عزیزی چاند کمار کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی شکتی عطا کرے۔

اسکے بعد بیٹھک میں مختلف اہمیت کی قرار دادیں پاس کی گئیں:-

* قرارداد نمبر 1 چونکہ عزیزی چاند کمار ہنرو ایک نابالغ ہے اور اسکی سرپرستی لازمی ہے اسلئے طے پایا کہ پنڈت کاشی ناتھ کول کی سربراہی میں ایک سب کمیٹی قائم ہو جسکے ممبران میں پنڈت شام لال رازدان کے علاوہ دو اور ممبر شامل ہوں اور یہ کمیٹی اس 14 سالہ بچے کی دیکھ ریکھ کریگی اور مرحومہ کے کریا کرم اور شرادھ وغیرہ کا اہتمام ودھی پوروک ڈھنگ سے کرائیگی اور اس سلسلہ میں گیارھویں اور بارھویں دنوں کی کریا کے لئے سبھا کا ہال وقف رہے گا۔ (ہال)
* قرارداد نمبر 2 کی رو سے متذکرہ صدر سب کمیٹی پر یہ ذمہ داری عاید کی گئی کہ وہ اس نابالغ یتیم بچے کے بچوراتُو کو یقینی بنائیگی اور اس سلسلہ میں تمام تر لوازمات پورا کریگی۔ مزید برآں یہ سب کمیٹی انسانی تقاضوں کے تحت کسٹوڈین صاحب جموں سے اس یتیم لڑکے کے نام پر وہ کوارٹر الاٹ کروائیگی جسمیں یہ اسوقت سکونت پذیر ہے اور جو اسکی والدہ محترمہ کے نام پر الاٹ شدہ ہے اور جسمیں مرحومہ نے انتقال فرمایا ہے۔
* قرارداد نمبر 3 کی رو سے متذکرہ صدر سب کمیٹی کو اختیار دیا گیا کہ وہ مرحومہ کے اثاثہ اور اندوختہ کو اگر کچھ ہو تمام تر کوششوں سے محفوظ کروائیگی تاکہ عزیزی چاند کمار کا مستقبل خراب نہ ہو۔
* قرارداد نمبر 4 کی رو سے تحریک پاس کی گئی کہ سبھا نے مرحومہ کے لئے جو مرتیو سامگری فراہم کی ہے اسکو ایک امداد منظور کیا جائے۔ نیز سبھا آبالیان علاقہ کے انسانی جذبہ کو بہت بہت سراہا کہ جنہوں نے انسانی فرض سمجھکر یتیم بچے کی بروقت مالی امداد فرمائی اسکے علاوہ سبھا نے شری غلام رسول المعروف گاما اور دوسرے مسلمان بھائیوں کی فطرت کو بہ نظر احسن دیکھا ہے کہ جنہوں نے مرتک شریر کو کاندھا بھی دیا اور چتا سجانے میں امداد بھی کی۔ 9/8/84

پی این بھان کشمیری پنڈت سبھا کشپ نواس امپھلہ رہاڑی جموں

کشمیری پنڈت سبھا جموں

محفلِ سوگ — غیر معمولی میٹنگ — محفلِ ماتم

بتاریخ 12.8.86

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں کی ایک غیر معمولی میٹنگ زیرِ صدارت پنڈت رادھا کرشن ٹکو منعقد کی گئی جس میں ریاست جموں و کشمیر کی ایک مقتدر ہستی، کشمیری پنڈت جاتی کے ایک مشعلِ راہ، علم و دانش میں ایک مسلمہ شخصیت، ایک زبان دان، شعر و فن میں ایک کہنہ مشق، دھرم کرم کے پرستار، یکجہتی کے علمبردار، انسان دوستی کے قائل، سبھی ورگوں کے ایک ہر دلعزیز، ہمدردوں کے ایک ہمدرد، کشمیری پنڈت سبھا جموں کے ایک بہی خواہ، مولانا کا محلہ جموں نواس سرو شری رمیش کمار، اشوک کمار بخشی کے والد بزرگوار اور سورگباشی پنڈت تارا چند بخشی کے نورِ چشم پنڈت راجندر ناتھ بخشی کے ایس ایم ایچ ایس ہسپتال سرینگر میں مورخہ 11 اگست 1986 کی شام کے 7 بجے 72 سال کی عمر میں انتقال پُر ملال فرمانے پر گہرا رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور پرماتما کے چرن میں پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردان کرے۔ پسماندگان سوگواروں کو جن میں کشمیری پنڈت سبھا جموں کے اراکین بھی برابر کے شریک ہیں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

کس کا ماتم دہر میں اے چرخِ گرداں ہو گیا — کون تھا وہ جو اجل کے زیرِ داماں ہو گیا
ہائے اس کو موت نے گھیرا بہ اندازِ دگر — یعنی خورشیدِ زمیں دنیا سے پنہاں ہو گیا

صدر میٹنگ

ناظم میٹنگ
12/8
پی این بھان فگار

حاضرین۔ سرو شری رادھا کرشن ٹکو، پی این بھان، ٹھاکر لال رینہ، جیون لال درانی، بنسی لال کچرو، اوم کار ناتھ در، جیون لال ہکو، راجندر ناتھ، رام جی بھان، شری پیارے لال ناتھ جی کول، اوتار کرشن مرزا، درشن جی پنڈت، سومناتھ سپرو

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کا سندیش نو امپھلا جموں

غیر معمولی بیٹھک

محفلِ سوگ ۱۲ اگست 1984

محفلِ ماتم 12.8.84

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں کی ایک غیر معمولی بیٹھک زیر صدارت پنڈت رادھا کرشن ٹکو منعقد کی گئی جس میں ریاستِ جموں و کشمیر کی ایک مقتدر ترین ہستی کشمیری پنڈت جاتی کے ایک مقتدر رکن، علم و دانش میں ایک مسلمہ شخصیت، ایک زبان دان، شعر و فن میں ایک کہنہ مشق، دھرم و کرم کے پرستار، ایکتا کے علمبردار، انسان دوستی کے قائل، سبھی ورگوں کے ایک پریمی، ہمدردوں کے ایک ہمدرد، کشمیری پنڈت سبھا جموں کے ایک بہی خواہ جولا باکا محلہ جموں نواسی سروشری ~~[illegible]~~ (مینش کمار) اور وجے کمار بخشی کے والدِ بزرگوار اور سورگباشی پنڈت تارا چند بخشی کے نورِ چشم

پنڈت راجندر ناتھ بخشی

کے ایس ایم ایچ ایس ہسپتال سرینگر میں مورخہ ۷ اگست ۸۴ء کی شام کے ۶ بجے 72 سال کی عمر میں انتقال پُرملال فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور پرماتما سے پرارتھنا کی گئی کہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردان کرے نیز ان کے سینکڑوں سوگواروں کہ جن میں کشمیری پنڈت سبھا جموں کے اراکین بھی برابر کے مساوی شریک ہیں کو یہ سانحۂ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

کس کا ماتم دیر میں اے چرخِ گرداں ہو گیا
کون تھا وہ جو اجل کے زیرِ داماں ہو گیا
ہائے کس کو موت نے گھیرا باندازِ دگر
کون خورشیدِ زمیں دنیا سے پنہاں ہو گیا

بی این بھان جنرل سیکرٹری کشمیری پنڈت سبھا امپھلا جموں 18000

JYOTI PHOTOSTAT PARTAP GARH JAMMU

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کنشیپورہ کھمبو

13.8.84.

حسب فیصلہ کشمیری پنڈت سبھا کی میٹنگ زیر صدارت پنڈت رادھا کرشن ٹکو منعقد کی گئی جسمیں متعدد باتوں پر غور کر کے فیصلہ جات لئے گئے۔ آج جن احباب نے میٹنگ میں شرکت کی انہوں نے اپنے دستخط ثبت کئے ہیں

صدر میٹنگ

ناظم میٹنگ 13/8/84

حاضرین۔

1.

2.

3.

4.

5.

6.

7.

سب سے پہلے گزشتہ میٹنگ کی کارروائی پڑھ کر سنائی گئی اور پھر اسکی تصدیق کروائی گئی اسکے بعد۔

جنم اشٹمی کے روز جھانکی نکالنے کے فیصلہ کی اندر سے توثیق کی گئی اور میکرائے ... پایا کہ شری چمن لال درانی اسکا پورا اہتمام کریں گے۔ دریں اثنا صدر میٹنگ نے فرمایا کہ شری دوارکا ناتھ چاما کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر شرکا کی ترکاری ... کروائے تاکہ کوئی پریشانی باقی نہ رہے۔

ممبرشپ کے بارہ میں تجدید کی گئی کہ ممبرشپ فارم کی معمولی خامیاں دور کرنے کے لئے ایک مہر بنوائی گئی ہے کہ جو Occupation اور Age کی وضاحت کرے گی۔ موقعہ پر شری ... ناتھ کول

کو ہدایت کی گئی کہ وہ ممبرشپ بکس کو اپنی تحویل میں رکھے اور اسطرح سب کمیٹی اپنا دیا گیا حساب
حاصل کرکے مناسب کارروائی بروئے عمل لائے گی۔

اسکے بعد شری کرشن جنم اشٹمی کے سلسلہ میں جاری کئے جانے والے پوسٹر کی منظوری دیدی گئی
پوسٹر کا متن یوں ہے:

اسکے بعد اگلی میٹنگ ویروار مورخہ 16 اگست درون سبھا منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔
اور [illegible] ناظم صاحب کو ہدایت کی گئی کہ وہ شری مرزا اور شری لعل کو حاضر آنے کی
ترغیب دیں۔

[signature] 13/8
صدر کمیٹی

[signature]
ناظم کمیٹی 13/8

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) ستاری کا مندر گنپت کوارٹرس امپھلا جموں

غیر برادرانہ فعل

16 اگست سنہ 1984ء

وادی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو تقویت دینے کی بجائے یوم آزادی کے مبارک دن کا موقعہ پر گنپت یار اور دوسرے مندروں پر زبردست سنگ باری کرنے اقلیتی فرقہ کے مکانوں کو لوٹنے اور دوکانوں کو جلانے کی واردات سے کون ذی ہوش پریشان نہ ہوگا۔ دریں اثنا کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں اُن شر پسند فرقہ پرست امن دشمن سماج دشمن اور ملک دشمن عناصر کی زوردار الفاظ میں مذمت کرتی ہے کہ جنہوں نے یوم آزادی کے تقدس کو پائمال کرنے کی غرض سے کشمیری پنڈت جاتی کو ہراساں کیا کرنے کی سعی لا حاصل کی اور یہ چاہا کہ اہم مقامات کی بیحرمتی سے عار نہ کیا سبھا اُن عناصر کی بھی زوردار الفاظ میں مذمت کرتی ہے کہ جنہوں نے اس مبارک دن پر غیر ملکی جھنڈے لہراتے ہوئے اقلیتی فرقہ کے دلوں میں تشویش پیدا کی۔

کسی [illegible] ناپسندیدہ شخصیت کی شہ پر

مزید برآں کشمیری پنڈت سبھا جموں سرکار پر یہ واضح کر دینا چاہتی ہے کہ جنم اشٹمی کے مبارک پرب پر شوبھا یاترا نہ نکالنے کا آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس کا مبینہ فیصلہ کافی اہمیت کا سوال ہے اور اسکے حل کرنے سرکار کو اپنے احکامات پر فی الفور نظرِ ثانی کرنی چاہئے بصورت دیگر یہ ایک کلنک ہوگا جس کا دھونا سرکار کے لئے مشکل ترین مسئلہ ہوگا۔

رادھا کرشن ٹکو پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا گنپت کوارٹرس امپھلا جموں

(65)

Release with its copies to press & Govt. officials & Central Govt as well.

Convenor.
16.8.84.

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کا مندر امبپھلا جموں

غیر برادرانہ فعل

16 اگست 1984ء

وادی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو تقویت دینے کی بجائے یوم آزادی
کے مبارک موقعہ پر گنپت یار اور دوسرے مندروں پر زبردست سنگباری
کر کے اقلیتی فرقہ کے [illegible] اور [illegible] کے خلاف [illegible] وارداتوں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) شاستری نگر/ کا شند را امپھلا جموں

غیر برادرانہ فعل

16 اگست سنہ 1984ء

وادی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو تقویت دینے کی بجائے یوم آزادی کے مبارک موقعہ پر گنپت یار اور دوسرے مندروں پر زبردست سنگباری کرنے، اقلیتی فرقہ کے مکانوں کو لوٹنے اور دوکانوں کو جلانے کی وارداتوں سے کون امن پسند پریشان نہ ہوگا۔

دریں اثنا کشمیری پنڈت سبھا جموں اُن تمام شرپسند فرقہ پرست امن دشمن، سماج دشمن اور ملک دشمن عناصر کی زوردار الفاظ میں مذمت کرتی ہے کہ جنہوں نے کسی ناپسندیدہ شخصیت کی شہ پر یوم آزادی کے تقدس کو پائمال کرنے کی غرض سے کشمیری پنڈت جاتی کو ہراساں کرنے کی سعی لاحاصل کی اور پوجا پاٹھ کے اہم مقامات کی بیحرمتی سے عار نہ کیا سبھا لہٰذا اُن عناصر کی بھی زوردار الفاظ میں مذمت کرتی ہے کہ جنہوں نے اس مبارک دن پر غیر ملکی جھنڈے لہراتے ہوئے اقلیتی فرقہ میں تشویش پیدا کی۔

مزید براں کشمیری پنڈت سبھا جموں ریاستی سرکار پر یہ واضح کر دینا چاہتی ہے کہ جنم اشٹمی کے مبارک پرب پر شوبھا یاترا نہ نکالنے کا آل اسٹیٹ کشمیری پنڈت کانفرنس کا مبینہ فیصلہ کافی اہمیت کا سوال ہے اور اس کے حل کے لئے سرکار کو اپنے احکامات پر فی الفور نظر ثانی کر لینی چاہئے بصورت دیگر یہ ایک کلنک ہوگا جس کا دھونا سرکار کے لئے مشکل ترین مسئلہ ہوگا۔

رادھا کرشن تکو پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا کشپ نواس جموں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کشیپ نواس امپھلا جموں

امن دشمنی انسان دشمنی

23 اگست 1984

کشمیری پنڈت سبھا جموں ریاست میں شرپسندوں اور امن دشمنوں کی سرگرمیوں کو حقارت کی نظر سے دیکھتی ہے۔ پُر امن فضا کو مکدر کرنا آپسی بھائی چارہ کو ٹھیس لگانے اور ملک دشمنی اور انسان دشمنی کے مترادف افعال ہیں۔

ضلع راجوری میں گذشتہ روز معمولی بات کے پیچھے رونما ہوئے فرقہ دارانہ فساد کی کشمیری پنڈت سبھا جموں پُر زور الفاظ

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں

23 اگست

کشمیری پنڈت سبھا کی ایک ہنگامی میٹنگ زیر صدارت پنڈت رادھا کرشن تکو منعقد ہوئی جسمیں راجوری میں فرقہ ورانہ فسادات پر گہری چنتا ویکت کی گئی اور بتایا گیا کہ اس قسم کی ملک دشمن امن دشمن اور انسان دشمن کارروائیوں کی زوردار الفاظ میں مذمت کی جانی چاہئے۔ چنانچہ موقعہ پر ایک پریس نوٹ تحریر کیا گیا اور بتایا گیا کہ اسکی نقول تمام متعلقین اور سرکاری اعلےٰ افسران کو ارسال کی جانی چاہیں۔ ساتھ ہی بتایا گیا کہ امن پسند لوگوں کے نام اپیل کی جانی چاہئے کہ وہ افواہ بازوں کی طرف دھیان نہ دیں بلکہ امن و قانون کی صورت کو بنائے رکھنے میں حکومت کو تعاون دیں۔

[signature]
ناظم

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) [illegible] جموں


23 اگست 86ء

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں ریاست میں شر پسندوں اور امن دشمنوں کی سرگرمیوں کو بہ نظرِ حقارت دیکھتی ہے۔ پُرامن فضا کو مکدر کرنا آپسی بھائی چارہ کو ٹھیس لگانے اور ملک دشمنی کے مترادف افعال ہیں۔

ضلع راجوری میں گذشتہ روز معمولی بات کے پیچھے رونما ہوئے فرقہ ورانہ فساد کی کشمیری پنڈت سبھا جموں پُرزور الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور حکومتِ وقت سے توقع کرتی ہے کہ وہ ایسے تمام عناصر کا قلع قمع کرنے میں رتی بھر تساہل سے کام نہ لے کیونکہ ایسے فسادات سے ایک طرف قیمتی انسانی جانیں تلف ہوتی ہیں اور دوسری طرف بے گناہوں کا خونِ ناحق بہایا جاتا ہے۔ اور دہشت گردی کے کارن پُرامن ماحول خراب ہو کر رہتا ہے۔


سبھا امن پسند عوام سے اپیل کرتی ہے کہ وہ افواہ بازوں کی طرف دھیان نہ دیں بلکہ امن و قانون کی صورت بنائے رکھنے میں حکومت کو تعاون دیں۔


[signature] کے ایس کمار – کشمیری پنڈت سبھا جموں




کلیتره بیدات مستجبا (رسبزر) کتاب نوداس مجموعه

هر هفته واری بیچارک








✡ رودھراج بھیرو کے بھون اور احاطہ کو خوبصورت پیمانہ پر سجایا گیا تھا۔ بجلی کے قمقموں سے رودھراج بھیرو کے گرد و نواح کو بقعۂ نور بنایا گیا تھا۔ لاؤڈ اسپیکر سے تمام علاقہ مسرتوں میں مگن ہوا نظر آ رہا تھا۔

✡ آج کے ہون کو رچانے کی مکمل ذمہ داری پنڈت آنند لال جیوتشی (برہمن) پنڈت جگن ناتھ بٹ (ایڈمن) پنڈت رادھا کرشن ٹکو (صدر سبھا) سورگباشی شری بال کرشن بھان مکھن لال رینہ (ممبران سبھا) بنسی لال گجرو۔ جگر ناتھ رازدان اور درشن پنڈت (ممبران شاردا دھارمک سنستھا) نے بیعا جون نہایت عمدگی کے ساتھ نبھائی + سورگباشی دوارکا ناتھ بچامہ (مینجر) کاشی ناتھ کول (نائب صدر) اوتار کرشن میرزا۔ گردھاری لال رینہ موہن لال کول اومکار ناتھ در (ممبران ورکنگ کمیٹی) چمن لال وانی چونی لال مکو (ممبران دھارمک سنستھا) نے ہون کے سلسلہ میں تمام تر انتظامات جو اندر اور باہر ضروری مانے گئے تھے۔ ان کے علاوہ پنڈت شمبھو ناتھ جواہر لال درابو اور شری جانکی ناتھ وائل کاکو جی بچامہ اور کئی دوسرے لوگوں نے بھی ہون کی کامیابی میں نمایاں کارول ادا کیا۔ شری سوم ناتھ در اور شری کنہیا لال رینہ کی غیر حاضری کو بڑی طرح محسوس کیا گیا اور پرارتھنا کی گئی کہ دونوں اصحاب جلد صحتیاب ہوں۔ رات کو سبھا کے وسیع ہال میں بھی بیشتر لوگوں نے پرشاد حاصل کر کے کھانا بھی کھایا +

بی این بھان نثار۔ جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) جموں۔



★ لاؤڈ اسپیکر کا اہتمام، رام دربار کی سجاوٹ۔ بجلی کے لیمپوں سے سارا دوارا بقعۂ نور بنا ہوا تھا۔ کافی تعداد میں نر ناری حاضر آئے تھے۔ درمیان میں برت والوں کو ایک دو بار شربت سکنجبین اور قہوہ وغیرہ سے تواضع کی گئی۔ اس مہان پروگرام کی کامیابی کا سہرا خصوصی طور پر سروشری جگن ناتھ بٹ، مکھن لال رینہ، سوم ناتھ در، ہلادھار کشن تکو، بنسی لال گجرو، سوامی رگھناتھ جی، ترلوکی ناتھ دولی، سرسا ناتھ تکو، بال کرشن بھان، چمن لال درانی، ایس این درانی، دوارکا ناتھ حجام، تارا چند جی، چونی لال تکو اور گردھاری لال رینہ کے سر جاتا ہے۔ جبکہ جگت امبا لکشمی دیوی کی مورتی کی تیاری اور سجاوٹ سبھا کے جنرل سکریٹری نے قبل از پروگرام دو گھنٹوں میں سرانجام دئے۔

پی۔ این بھان نثار۔ جنرل سیکریٹری

کشمیری پنڈت سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا اکھنور واس ابھیلا جموں

رُودھراج بھُور جینتی ہَون

7-8 JULY 1983

۹ جولائی ۱۹۸۳ء

اس برس رُودھراج بھُور جینتی کے اوسر پر گذشتہ برسوں کی نسبت انتہائی عقیدگی کے ساتھ مہایگیہ رچایا گیا + 7 جولائی کو سرِ شام سے ہی بھگت جنوں نے ہون کے رچانے کے انتظامات کو آخری شکل دے دی۔ بالآخر حسبِ پروگرام ہون شروع کیا گیا جو طے شدہ پروگرام سے قدرے ہٹ کر ۹ بجے پورن آہوتی کے ساتھ سمپن ہوا + اس ہون کے موقعہ پر پنڈت جاتی کے علاوہ کئی دوسرے لوگ بھی دن بھر ہون کے رچانے کے کاریہ کرم میں برابر شریک رہے۔ پنڈت جاتی سے باہر دو مستورات ایسی بھی تھیں جنہوں نے کافی مقدار میں پھول اور بل پتری فراہم کر کے دن بھر برت رکھ کر اپنے بھگتی بھاؤ کا غیر معمولی مظاہرہ کیا جو قابلِ صد رشک تھا اور قابلِ تحسین بھی +

کشمیری پنڈت سبھا آف جموں

कश्मीरी पंडित सभा जम्मू

شری رام دربار کی پرتشٹھا

मौ. [illegible]

श्री राम दर्बार की प्रतिष्ठा

"شری رام دربار کی پرتشٹھا"

مورخہ 25 اپریل 1983ء کو کشمیری پنڈت سبھا جموں کے زیر اہتمام تعمیر کئے ہوئے نئے مندر میں رام دربار اور شولنگ کی پرتشٹھا دھارمک رسوم کے ساتھ نہایت ہی شان و شوکت کے ساتھ انجام پذیر لائی گئی۔ 8 بجے صبح کی بجائے 11 بجے صبح کو یگیہ آرمبھ ہوا جس میں پوتر وید و گرنتھوں اور دھارمک پستکوں کے شلوکوں کا اُچارن کیا گیا اور یہ پوتر کاریہ کرم شام کے ½6 بجے پورن آہوتی کے ساتھ سمپن ہوا۔ اس کے بعد تمام مورتیوں کو جیو دان دیا گیا اور بعد میں رام دربار اور شوجی مہاراج کی الگ الگ آرتیاں اُتاری گئیں اور یوں دوسرا کاریہ کرم سر انجام دئے گئے۔ اس موقع پر کوئی 150 افراد نے کھانا کھایا جن میں 25 برت رکھنے والے لوگ بھی شامل تھے (پنڈت جگن ناتھ بٹ کے شہر سے باہر ہونے کو بری طرح سے محسوس کیا گیا)

اس مبارک کاریہ کرم کو کامیاب کرنے کا سہرا سر و شری بالکرشن بھان جی انچارج، انل، اُکہ لال جیوتشی، اوسکار ناتھ دو، بنسی لال کچرو، راجندر ناتھ کول، دوار کا ناتھ، چاماسی رام، رادھا کرشن ٹکو، سوم ناتھ ڈر کے سر جاتا ہے۔ شری منوہر ناتھ رتشی شام کے وقت کسی آفت سماوی کے کارن دوبارہ درشن ہوئے جبکہ شری کاشی ناتھ کول آکر خرابی صحت کے کارن جلدی چلے گئے۔ ٹکو جی چاچا نے جو تھی بار چیف والنیٹر کی طرح کام کیا۔ جو قابل تحسین ہے۔

جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں بی این بھان نثار

26.4.83

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) آنند نواس امپھلا جموں

कश्मीरी पंडित सभा (पं०) जम्मू

میلہ کھیر بھوانی منایا گیا

۱۸ جون ۱۹۸۳ء

حسب معمول امسال بھی کشمیری پنڈت سبھا جموں کے زیر اہتمام میلہ کھیر بھوانی کا مبارک پرب نہایت عقیدت اور دھوم دھام سے منایا گیا۔ حسب پروگرام کاریہ کرم ٹھیک 3 بجے دن کے شروع کیا گیا اور نصف رات تک زوروں پر جاری رہا۔ عقیدت مندوں کا ہجوم تھا جن میں دیگر ہندو لوگ بھی شامل ہوئے تھے۔ آج کے اس مہان پرب کی نظامت (سٹیج) کے فرائض شاکا دھارمک منڈل کشمیری پنڈت سبھا جموں کے رکن شری چمن لال ڈرالی نے سرانجام دیے۔ جبکہ مطلوبہ انتظامات شری ڈی این مجاہد منیجر نے روایتی ڈھنگ سے بکمال کیے۔ اس مہان پرب کا کاریہ کرم ایلڈرمین پنڈت جگن ناتھ بٹ کی سرکردگی میں عمل میں لایا گیا۔

* پاٹھ پوجا۔ دھارمک پستکوں کا پارائن۔ پنچستوی۔ لاگنیا استوتی۔ مہما ستوتر بھوانی نام سہسترنام۔ اندراکشی جاپ وغیرہ اور بھجن کیرتن اور ساتوک آرتی اس مہان پرب کے کاریہ کرم کی خصوصیات تھیں۔ جگت امبا کے کنڈ (ناگ) کے درشن بہت ہی سندر تھے۔ نیلا رنگ ملائم سبز درشن اس بات کا پرتیک تھا کہ عوام الناس کے برے دن اب دور ہو گئے اور مستقبل قریب و بعید روشن تر ہوں گے۔


کشمیری پنڈت سبھا آنب نواس جموں

कश्मीरी पंडित सभा जम्मू

شری رام دربار کی پرتشٹھا

श्री राम दरबार की प्रतिष्ठा

مورخہ 25 اپریل سنہ 1983ء کو کشمیری پنڈت سبھا جموں کے
زیر اہتمام تعمیر کئے ہوئے نئے مندر میں رام دربار
اور شولنگ کی پرتشٹھا دھارمک رسوم کے ساتھ نہایت
ہی شان و شوکت کے ساتھ انجام پذیر لائی گئی۔ 8 بجے صبح
کی بجائے 11 بجے صبح کو یگیہ آرمبھ ہوا جس میں پوتر ویدوں
گرنتھوں اور دھارمک پستکوں کے شلوکوں کا اچارن کیا گیا
اور یہ پوتر کاریہ کرم شام کے 6½ بجے پورن آہوتی کے ساتھ



مہا یگیہ پر حاضری دینے والے بھگت جنوں میں کرنل کنول سنگھ چیئرمین
دھرمارتھ ٹرسٹ، ڈاکٹر دویا ناتھ گپت، کیپٹن جگن ناتھ شرما اور شری نانک چند شرما
وغیرہ شامل تھے۔ سریو شری کاشی ناتھ کول (نائب صدر) رتن لال درے کھان پان
کے انتظام کو صحیح رکھا جبکہ شری راجیندر ناتھ کول نے اندرونی انتظام کو سنبھالے رکھا۔ پرشاد کی
مناسب تقسیم شری [illegible] کے ذمہ تھی۔ [illegible] نے چیف وارڈن کی طرح کام کیا۔ [illegible] کا
کاریہ کرم سریو شری [illegible] شیام لال [illegible] شیام لال بنسی لال [illegible] مکھن لال رینہ اور
بال کرشن بھان، جیون لال کول اور [illegible] نے سنبھالا [illegible] اور جیون لال درانی نے
دودھ لسی اور چائے کی تقسیم کا کام سنبھالے رکھا [illegible] انجینئرنگ، محکمہ بجلی
میونسپل کمیٹی [illegible] کا شکریہ ادا کیا +
پی این بھان جنرل سیکریٹری پنڈت سبھا کشن نواس جموں

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) امبھلا جموں

कश्मीरी पंडित सभा जम्मू

درگا اشٹمی مہایگیہ

21-4-1983 (19/20-4-83)

حسب معمول اس ورش بھی درگا اشٹمی کا سالانہ مہایگیہ کل کشمیری پنڈت سبھا جموں کے وسیع احاطے
میں بڑی دھوم دھام سے رچایا گیا۔ سبھا پر سینکڑوں لوگ سارا دن ستسنگ میں مشغول رہے۔ دھارمک پستکوں
کے اشلوکوں کے اچارن سے تمام واتاورن خوشبوؤں کا سنچ بنا ہوا تھا۔ 4 لاؤڈ اسپیکروں کی موجودگی
سے ہون کے رچائے جانے کی علمیت دور دور تک ہوتی رہی۔ کشمیری پنڈت جاتی افراد کے علاوہ دوسرے
مت مہاستروں کے لوگ بھی کافی تعداد میں سارا دن آتے جاتے رہے۔ ان میں بیشتر نے اپنے بھگتی بھاؤ
سے دن بھر درگا بھگوتی کا گن گان کیا جس کی بھاری آرتیوں کی انتھک محنت سے یگیہ کامیاب رہا۔
کل درگا اشٹمی کے دن سپیشل یا ہو ہوت بھی تھا۔ غلط یا ہو ہیں مہا کالی بھگوتی کا استھان ہے
اور درگا اشٹمی کے مبارک پرب پر نور اشٹوں میں ان کی بھی پوجا ہوتی ہے۔ مہاکالی بھگوتی
اور ویشنو بھگوتی کے درشنوں کے لئے بھگت جن سیدھے سبھا میں پدھارے جہاں انہوں نے سارے (کے بعد)
لوگوں کو اپنے بھبوت کرنا رکھا۔ وقفہ وقفہ پر ٹیپ ریکارڈر سے بھی بھجن بجتے رہے۔
ہون منڈپ کو سروشری سوم ناتھ سپرو، پیارے لال جلالی، بالکرشن بھان اور......
دوارکا ناتھ چامات بڑی ہی عمدگی کے ساتھ سجایا تھا۔ تین کنال کا رقبہ جہاں پر کہ
ہون رچایا جا رہا تھا خوبصورت ڈیزائن کے شامیانوں اور قناتوں سے مزین کیا گیا تھا۔
ہون ۱۹ اپریل کی رات کے کوئی 9 بجے آرمبھ ہوا اور مسلسل ہوتی رہا پر آہوتیاں دینے کے بعد
۲۰ اپریل (1983) کی شام کے کوئی 8 بجے پورن آہوتی کے ساتھ سمپن ہوا۔ اسکے بعد
ویشنو پوجا میں لگ بھگ ایک گھنٹہ لگا اور پھر کوئی 800 (آٹھ سو) کے قریب
لوگوں نے پرشاد کے طور پر رات کا کھانا کھایا جس میں بدھ اشٹمی و درگا اشٹمی کے کارن
برت رکھنے والے کوئی 200 افراد بھی شامل تھے۔

آج کے سارے پروگرام کی نظامت سری راجندر ناتھ کول جوائنٹ سیکریٹری سبھا
کے ذمہ دیدی گئی تھی جو اُنہوں نے نہایت خوش اسلوبی سے نبھائی۔
آج کے پروگرام کی نزاکت، اہمیت اور کامیابی کا اندازہ کرنے کے لئے
درجہ ذیل اصحاب دن بھر سبھا میں موجود رہے۔
پنڈت رادھا کرشن ٹکو (صدر سبھا) پنڈت جگن ناتھ بٹ (ایلڈرمین)
سرو سری بالکرشن بھان، نند کشن کول، گردھاری لال رینہ، سوم ناتھ در، مکھن لال
روپ کرشن (ممبران ورکنگ کمیٹی) کاشی ناتھ کول (نائب صدر) راجندر ناتھ (جائنٹ سیکریٹری)
اوتار کرشن مرزا (خازن) بنسی لال گنجو، چمن لال ڈولی، جانکی ناتھ واتل، دوارکا ناتھ مجاما
تیسری رتن کول گنجو، کرسام اور رتن لال در
وغیرہ +
بی این بھان نثار جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں۔

کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کرشپ نواس امبھلا جموں

ज़ंग त्री	زنگہ تری	Zang Trai

(26-4-83)

پروگرام کے مطابق زنگہ تری کی تقریب آج دن کے ایک بجے سے ہی شروع ہو گئی جو شام کے ½6 بجے اختتام پذیر ہوئی۔ تمام ناری جاتی اور دور دراز کے لڑکیوں کی تواضع قہوہ کلچہ اور نمکین چائے (شیر چائے) اور کتلمہ سے کی گئی۔ کمانی سمیتی کے لئے شری روشن لال جی نے ہارمونیم پر بھجن سنائے جبکہ شریمتی گوری شوری واس نے کھڑے کھڑے ہی شام کے 7 بجے تک کیرتن کیا اور لیلائیں سنائیں۔ یہ سارا پروگرام شری چمن لال دُرانی نے ریکارڈ کیا۔ آج کی تقریب کے کچھ فوٹو بھی لئے گئے۔ خرابی موسم کے کارن ناری جاتی سالم پروگرام میں شرکت نہ کر سکی۔ پنڈت نیلہ کنٹھ کول نے تمام ناری جاتی کو کشمیری پنڈت سبھا کی جانب سے نیک خواہشات پیش کیں اور ان سے پرارتھنا کی کہ "درگا اشٹمی کے سالانہ مہا یگیہ پر سبھی لوگوں کو موجود ہونا چاہیئے۔

5 بجکر 45 منٹ پر ہال میں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی 290 ناریاں 72 لڑکے لڑکیاں اور 124 بچے چائے پی کر فارغ ہو چکے تھے۔ جبکہ کل 824 لفافے نمک، شگون کے طور پر ناری جاتی کو پیش کئے گئے۔ اس پروگرام کے انچارج پنڈت کاشی ناتھ ولی نائب صدر سبھا تھے جبکہ ان کی معاونت شری رتن لال درنے کی۔

اسکے بعد صدرِ تقریب ڈاکٹر جے این بھان نے شریمتی اندرا گاندھی کا زوردار الفاظ میں شکریہ ادا کیا اور دعا کی کہ ہمارا دیش قائم و دائم رہے، ترقی کرے اور ہم سبھی لوگ خوشیوں میں مگن رہیں اور پھر اسکے ساتھ ہی نوروز کی تقریب اختتام پذیر ہوئی + اس سے قبل "نوروز" کی تقریب ٹھیک 4 بجے شروع ہوئی جو 7 بجے اختتام پذیر ہوئی -

ابتدا میں حاضرین کو مبارکباد دی گئی اور بعد میں شری اومکار ناتھ اخبار دار نے دلفریب آواز میں بھجن کیرتن شروع کئے اور پے لگنے کے بعد پنڈت شام لال پردیسی نے سرود منگل کا سماں کی اور اپنے پُرجوش نغمے سے محظوظ کیا - اسکے بعد شری اخبار دار کا بھجن ہوا اور پھر شری امرناتھ جی در سابقہ ریونیو سیکرٹری نے برادری کو تلقین کی "کہ اتفاق پیدا کیجئے اور غلط کچھ بھی نہ سوچئے - سبھا کا موجودہ انتظامیہ اچھے ڈھنگ سے کام کر رہا ہے یہ لوگ دلی مبارکباد کے پاتر ہیں (اسکی تصدیق میں پروفیسر پی این جلو اپنی جگہ پر سر ہلاتے نظر آ رہے تھے) شری در صاحب مکرر فرمایا "کہ سبھا کے موجودہ کارندے کام کے لئے dedicated ہیں - اسکے بعد شریمتی گاندھی کے آنے کی اطلاع ملی اور شری اخبار دار نے بھجن شروع کیا اور پھر شریمتی اندرا گاندھی زندہ باد کے فلک شگاف نعرے بلند ہوتے رہے - شریمتی گاندھی کی آمد کے اہتمام میں سبھا کی (اندرونی سیکورٹی) سروس شری [illegible] کول، راجندر ناتھ کول (سیکریٹری) اور رتن لال در نے سنبھال لی تھیں +

بی این بھان ناظم نوروز تقریب و جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا جموں



کشمیری پنڈت سبھا (رجسٹرڈ) کشپ نواس امپھلا جموں

نورہ


شریمتی اندرا گاندھی کی آمد

14 اپریل سنہ 1983ء
مطابق یکم بیساکھ سمبت 2040

کشمیری پنڈت سبھا جموں کے زیر اہتمام پہلا نوراتراہ (نورہ) کی تقریب نہایت ہی شان و شوکت سے منائی گئی۔ شریمتی اندرا گاندھی نے اپنی انتہائی مصروفیات کے باوجود حسب روایت شام کے کوئی 6 بجے سبھا پر تشریف فرما کر سب سے پہلے صدر تقریب ڈاکٹر جے این بھان جسٹس جے این بھٹ سابقہ صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ اور پنڈت رادھا کرشن تکو صدر سبھا سے نورہ مبارکباد کے ساتھ ساتھ پھولوں کے خوبصورت ہار قبول فرما کر شری بھگوتی کے سنمکھ بھاؤ پورن ڈھنگ سے پوجا کی اور اسکے بعد سبھا کے ہال میں جلسہ کی تقریب میں شرکت فرمائی۔ ہال میں تقریب کے ناظم اور سبھا کے جنرل سیکریٹری بی این بھان نثار نے پُراشتیاق ڈھنگ سے آپکے گلے میں نوٹوں کے ہار ڈال دیئے جنہیں آپ نے بخوشی قبول فرمایا۔ (سبھا کے وسیع صحن اور ہال میں جمع غفیر اور مجمع کثیر تھا۔ لوگ چھتوں پر بیٹھے نورہ تقریب کو دیکھ بھی رہے تھے اور سن بھی رہے تھے۔ خلقت اتنی کچھ نہ پوچھیئے۔ ناریاں کافی تعداد میں حاضر آئی تھیں

شریمتی گاندھی کے آنے پر اسکورٹی والوں کو مزید لوگوں کا داخلہ روکنے کے لئے سبھا کا گیٹ بند کرنا پڑا۔) سواگتی ایڈریس کا جواب دیتے ہوئے شریمتی اندرا گاندھی نے تھپو کا کھاسو ہاتھ میں تھامتے ہوئے پُر وقار لہجہ میں فرمایا:

"آج بہت ہی شبھ دن ہے۔ نورہ ہے اور میں آئی ہوں۔ چونکہ یہ ہمارا اور آپ کا مشترکہ تہوار ہے اسلئے آپ لوگوں کو شبھ کامنائیں دینے کے لئے یہاں پر آئی ہوں" اسکے بعد آپ نے فرمایا "آجکل ہمارا دیش کٹھنائیوں سے گزر رہا ہے، بڑی سمسیائیں ہیں۔ ہر ایک قوم کی ہیں ہر ایک پردیش کی ہیں لیکن سب سے بڑی چنتا جو ہے وہ دیش کی ایکتا کی ہے اکھنڈتا کی ہے۔ جو دیش صدیوں سے بندھا رہا اسکی ایکتا کو مضبوط رکھنا ہے اب اسمیں کچھ خطرہ آیا ہے اسلئے ہم کسی بھی مت متانتر یا دھرم کے ہوں ہم سب کا پہلا کرتویہ ہے کہ بھارت ماتا کو ہم شکتی شالی بنائیں۔ دیش کو مضبوط کرنے کے لیے قدم اٹھانے ہیں" اسکے بعد آپنے فرمایا "ہمارا پہلا مسئلہ تھا غلامی کو ہٹائیں اور آزاد ہوں۔ آزادی کے بعد غریبی ہٹانے کا مسئلہ ہے" آپنے زور دیتے ہوئے فرمایا "جب ہم آپسی ایکتا، انوشاسن اور ڈسپلن میں رہنا سیکھینگے تبھی سبھی کا فائدہ ہو سکیگا۔ ایک دوسرے کو برداشت کرنا ہمارا کرتویہ ہونا چاہیئے تو ہماری ہر مشکل آسان ہو سکتی ہے" آخیر میں آپ نے فرمایا "میں شبھ کامنائیں دینا چاہتی تھی، دے رہی ہوں اور پرارتھنا کرتی ہوں کہ آئندہ سال بھی آپ لوگوں کے لئے سارے دیش واسیوں کے لئے خوشیوں اور شانتی کا ضامن ہو۔"



G.L.a
M.L.k.
H.L.k
Cham Lal kaul
Chaman Lal kalco
Onkak.
Sant kumar

